اعطیناك	الابتر	فصل
ان شانئك	لربك	الکوثر
وانحر	انا	هو

اور دعوت سورۂ کوثر یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ يَا قَاهِرُ يَاقَادِرُ يَاقَوِيُّ يَامُقْتَدِرُ اَنْتَ الْقَوِيُّ الْقَائِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْهَرَ (فلاں بن فلاں) وَخُذْهُ اَخْذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ فَمَازَالَتْ تِلْكَ دَعْوَلُهُمْ حَتّٰى جَعَلْنَا هُمْ حَصِيْدًا خَامِدِيْنَ وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ۔ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ يَامَنْ قَالَ وَقَوْلُهُ الْحَقُّ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اَللّٰهُمَّ لَسْتَ بِغَائِبٍ فَاَنْتَظِرُكَ وَلَابَعِيْدٍ فَاُخَاطِبُكَ بَلْ اَنْتَ قَرِيْبٌ وَفِيْ بَطْشِكَ شَدِيْدٌ وَاَنْتَ اَقْرَبُ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ وَاَنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ (فلاں بن فلاں) اَحْرَزَنِيْ بِحِلْمِكَ وَاِمْهَالِكَ لَهٗ فَعَجِّلْ اَللّٰهُمَّ عَلَيْهِ وَخُذْهُ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِيْ يَامَنُ اِلَيْهِ وَاَنْزِلْ بِهٖ بَاْسَكَ الَّذِيْ لَايُرَدُّ وَلَايُقْهَرُ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ وَاِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ۔ اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ اَنْ تَرُدَّ كَيْدَهٗ فِيْ نَحْرِهٖ حَتّٰى يَصِيْرَ كَيْدُهٗ فِيْ زَوَالٍ وَنَوْمُهٗ فِيْ ضَلَالٍ وَانْتَلِيْهِ وَسَلِّطْ عَلَيْهِ خُدَّامَ هٰذِهِ لِسُّوْرَةِ يُحَرِّمُوْنَ عَلَيْهِ النَّوْمَ وَالْاَكْلَ وَالشُّرْبَ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ تَوَكَّلْ بِهٖ يَاقَاصِفُ يَامَاصِفُ وَيَاسَاعِفُ وَيَادَافِقُ يَاخُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِمَاذَكَرْتُهٗ لَكُمْ وَبِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَهٗ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ۔ (خاتم سورسلیمانی)

بقیہ (ص 18) : سات سلام چہل کاف کے فیض یافتہ

میں نے اس کا فون اٹھایا تو کہنے لگا کہ مجھے معاف کر دیں۔ میں چند دن میں ہی آپ کے پیسے واپس کر دوں گا۔ اس کے فون کرنے سے میرا اعتماد چہل کاف پر اور آپ پر اور بڑھ گیا۔ میں اور پورے ذوق وشوق سے پڑھنے لگ گیا، 5 دن بعد آیا اور میرے 20 لاکھ واپس کر گیا۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور اسی وقت اپنے رشتہ دار کے گھر جا کر اس سے معذرت کی، وہ بھی خوش ہو گیا۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرنے آیا ہوں کہ آپ کے بتلائے ہوئے عمل سے اللہ پاک نے میری ساری پریشانی ختم فرما دی ہے۔

darulamal.org/bookshop

سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

سات سلام چہل کاف کی برکت سے ہمارا بیٹا مل گیا

میرے ایک دوست اپنے بیٹے کے گرفتار ہونے کی پریشانی لے کر حاضر ہوئے، ان کا بیٹا بہت ہی شریف تھا۔ جس کو میں ذاتی طور پر جانتا تھا، چونکہ میرا ان کے ہاں اکثر جانا ہوتا تھا۔ اس کا پولیس کے ہاتھوں پکڑا جانا اور جرم بالکل نہ ہونا اور گرفتاری کے بعد لاپتا ہو جانا، یہ ان کے لیے ہی نہیں بلکہ اللہ نہ کرے کسی کی اولاد کے ساتھ بھی ایسا نہ ہو۔ اور ایسی پریشانی اللہ پاک کبھی بھی کسی کے والدین کو تا زندگی نہ دکھائے۔ انہوں نے بتلایا کہ اس واقعے کو ایک ہفتہ ہو گیا ہے، ہم نے اپنی ہمت کے مطابق تمام پولیس تھانوں سے اور ہر جگہ سے معلومات کی ہیں لیکن ہمیں کہیں سے بھی کچھ سراغ اپنے بیٹے کا نہیں ملا ہے۔ گھر کی یہ حالت ہے کہ میرے اہلیہ یعنی بچے کی ماں جس دن سے بچے کو غائب کیا گیا ہے۔ بستر پر پڑ گئی ہے۔ اس پر غشی کے دورے پڑ رہے ہیں۔ گھر ماتم کدہ بنا ہوا ہے۔ میں نے اسے روزانہ معمولی سی رقم صدقہ کرنے کو کہا۔ صلوۃ الحاجت کی ایک خاص ترتیب بتلائی اور اس کو سات سلام چہل کی اجازت لے کر روزانہ ایک خاص تعداد پڑھنے کو بتلایا۔ 10 دن کے بعد وہ اپنے بیٹے اور میٹھائی کے ڈبے کے ہمراہ تشریف لائے۔ بہت خوش تھے اور سات سلام چہل کاف کے عمل سے بہت متاثر تھے۔ کہنے لگے کہ اللہ پاک نے اس عظیم عمل کی برکت سے ہمیں ہمارا بیٹا واپس لوٹایا ہے۔

میری ڈوبی رقم واپس مل گئی

میرے ایک دوست اپنے دوست کے ہمراہ تشریف لائے۔ چونکہ بہت ہی پریشان اور بیچارے نیم پاگل دکھائی دے رہے تھے۔ آتے ہی بیچارے رونے لگ گئے۔ ہاتھ جوڑ کر منت سماجت کرنے لگ گئے کہ ہم آپ کی بہت مشہوری سن کر آئے ہیں اور بڑی ہی امید لے کر آئے ہیں۔ اللہ کیلئے ہمارے کچھ مدد کریں۔ ہم تباہ ہو گئے۔ ہم برباد ہو گئے۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ حوصلہ رکھیں۔ تسلی رکھیں۔ اللہ پاک کرم فرما دیں گے۔ سب بہتر ہو جائے گا۔ آپ مجھے اپنی پوری روئیداد سنائیں کہ آپ کے ساتھ کیا ہوا ہے؟۔ تو انہوں نے بتلایا کہ میرا ایک دوست مجھ سے قرضہ لینے آیا۔ اس دوست کا مجھ پر ایک احسان تھا کہ جس کی وجہ سے میں اس کو انکار نہیں کر سکتا تھا۔ میں نے اپنے کسی رشتہ دار سے اس کو 20 لاکھ روپے اس کی بتلائی ہوئی تاریخ واپسی کے مطابق لے کر اس کو دے دیے۔ وہ پیسے لے کر چلا گیا۔ اور آج تک واپسی کا نام ہی نہیں لے رہا ہے۔ میں کئی بار اس کے پاس جا چکا ہوں۔ ہر بار چند دن کا کہہ دیتا ہے۔ جس رشتہ دار سے لے کر دیے ہیں اس سے بھی کئی بار منہ ماری ہو چکی ہے۔ اب جب بھی میں اس کے پاس ان پیسوں کی واپسی کیلئے گیا تو اس نے دینے سے صاف انکار کر دیا ہے کہ میرے پاس نہیں ہیں۔ اور نہ ہی میں دے سکتا ہوں۔ جاؤ جو تم کر سکتے ہو وہ کر لو۔ میں شریف آدمی ہوں۔ میں کیا کروں۔ میں کدھر جاؤں؟ اپنی کہانی سنا کر وہ ہچکیاں لے کر پھر رونے لگ گیا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ آپ نماز پڑھتے ہیں تو کہنے لگا کہ نہیں کچھ پڑھتا ہوں، کچھ میں سستی ہو جاتی ہے۔ میں نے اس سے وعدہ لیا کہ آپ مجھ سے وعدہ کریں کہ آپ 5 وقت کی نماز آج سے پوری اہتمام سے جماعت کے ساتھ پڑھیں گے۔ اس نے وعدہ کیا۔ اس سے وعدہ لے کر اس کو سات سلام چہل کاف کا عمل پڑھنے کو کہا۔ چند دن بعد شکریہ ادا کرنے کے لیے آیا تو میں نے اس سے پوچھا کہ آپ کی رقم کیسے واپس ہوئی؟ کچھ بتلایئے تو سہی، آپ تو بہت پریشان تھے اور اس کے رقم واپس کرنے کا آپ صاف انکار بتلا رہے تھے تو اس نے بتلایا کہ جب میں نے سات سلام چہل کا عمل پڑھنا شروع کیا تو 3 دن بعد اس کا فون آیا، میں بڑا حیران تھا کہ آج اس نے فون کیسے کر لیا ہے؟ بہر حال (بقیہ ص 17)

Darul Amal Chishtia, Lahore, Pakistan
darulamal.org/magazine/urdu
Whatsapp
+92-322-4773780

حمل کی حفاظت کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

حمل گرنے سے محفوظ رہے

ایک تاگہ کسم کا رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر لیں۔ اس میں نو گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر پھونکیں۔ ان شاء اللہ، حمل نہ گرے گا اور اگر کسی وقت تاگہ نہ ملے تو کاغذ پر لکھ کر پیٹ پر باندھ دیں۔ آیت یہ ہے:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ (النحل ۱۲۷-۱۲۸)

گنڈا برائے حفاظتِ حمل

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورۂ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کریں۔ پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں (کل سات گرہ ہوں گی)۔ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے

اگر کوئی شخص سورۂ معارج باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں ڈالے، بحکمِ خداوندی، حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

حمل ضائع نہ ہو

جس شخص کی بیوی کا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وہ اپنی بیوی کے پیٹ پر شہادت کی انگلی سے باوضو ہو کر لفظ ''محمد ﷺ'' لکھے اور حمل سے پیدا ہونے والے بچے کا نام ''محمد'' رکھ دے تو حمل ضائع نہیں ہوگا۔

حفاظت حمل کے لیے

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ (الرعد ۸)

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو استقرارِ حمل سے نو ماہ تک یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہے، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

حمل قائم رہنے کے لیے

اگر سورۂ حجرات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاملہ کا حمل قائم رہے گا اور بچہ تندرست پیدا ہوگا۔

حفاظت حمل

یہ آیات حفاظت حمل اور بچوں کو آفات اور عیوب اور بدنظری سے محفوظ رکھنے کے لیے مجرب ہیں۔ ان آیات کو زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر حاملہ عورت کی داہنی کوکھ میں باندھ دیں۔ وضع حمل تک بندھا رہے۔ ان شاء اللہ، تمام آفات سے مامون رہے گا۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ؕ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ (ال عمران ۳۵-۳۷)

اسقاطِ حمل نہ ہو

درج ذیل آیت لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دیں، بفضل رب تعالیٰ، اسقاط حمل نہ ہوگا۔

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ (الکہف ۲۵-۲۶)

Darulamal Chishtia Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazine/rohani

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

ستمبر برائے سنہ ۲۰۲۰

اٹھراء کا مستقل علاج

''اٹھراء''..... خواتین کا ایک بہت تکلیف دہ مرض ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ خواتین کی ایک بیماری ہے جس میں خاتون کا حمل پیش رفت نہیں کرتا، بچہ دورانِ حمل سے لے کر عمر کے پہلے آٹھ سال کے دوران میں وفات پا جاتا ہے۔ خاص روحانی علاج حاصل کریں اور اٹھراء سے نجات پائیں۔

تین دن والا استخارہ کا عمل

اگر کسی کو اللہ تعالیٰ سے کسی معاملے میں مشورہ (استخارہ) کرنا ہو کہ یہ کام کرنا چاہیے یا نہیں تو تین دن پر مشتمل مجرب استخارے کا عمل حاصل کریں۔

جادو سے نجات

جادو سے نجات حاصل کرنے کا خاص علاج۔ اس علاج میں مریض کے لیے پانی پر عمل پڑھ کر دم کر کے دیا جاتا ہے۔ اس لیے یہ علاج وہی حاصل کریں، جو روحانی علاج گاہ آ کر پانی دم کروا سکیں۔

شادی ہونے کی خاص لوح

شادی میں آسانی کے لیے ایک خاص لوح ہے۔ ایسے تمام مرد و خواتین جو شادی کے معاملات میں پریشان ہیں اور چاہتے ہیں کہ کسی بھی جگہ رشتہ ہو جائے تو وہ اس خاص لوح سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ لوح بندش رشتہ و بندش شادی کا علاج نہیں ہے۔ لہٰذا صرف وہی افراد رابطہ فرمائیں، جو اس بات کی تسلی کر چکے ہوں کہ کسی قسم کی بندش نہیں ہے۔

ڈاکوؤں سے حفاظت

ایسے تمام افراد جن کو یہ ڈر ہو کہ سفر میں یا ان کی جگہ پر سے ڈاکہ پڑ سکتا ہے تو وہ اس خاص وظیفے اور تعویذ کو حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، جس کے پاس یہ تعویذ ہو گا یا جس جگہ رکھا ہو گا، وہاں ڈاکہ نہیں پڑے گا۔

آسیبی امراض سے نجات

آسیبی اثرات سے پیدا شدہ ہر قسم کے امراض سے نجات حاصل کریں۔ صرف ایک ہفتے کے علاج سے واضح فرق پڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ وہ مرض آسیبی اثرات کی وجہ سے پیدا ہوا ہو۔

ہر طرح کے شر سے حفاظت

ایک خاص تعویذ ہے جو اسلامی مہینے کی نوچندی جمعرات کو بنایا جاتا ہے۔ جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ہر طرح کے شر سے حفاظت ہو اور اللہ تعالیٰ حفظ و امان میں رکھے تو وہ اس تعویذ سے فائدہ اٹھائیں۔

حاجت پوری ہونے کا مجرب عمل

اگر کوئی ایسی بڑی حاجت ہو جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو تو ایک ماہ پر مشتمل اس خاص عمل کو کرنے سے ان شاء اللہ، حاجت پوری ہو گی۔

نوٹ یہ تمام روحانی خدمات صرف ستمبر ۲۰۲۰ء کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah
0342-7772772
042-35410586
روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772 ruhaniilajgah96

مرتب: اراکین روحانی درس گاہ

تسخیرِ ہمزاد کے اعمل

اپنے نام کے ذریعے تسخیر کرنا

اس میں ابجد کے حساب سے عامل کے نام کے عدد نکالے جاتے ہیں اور پھر اس میں بیس جمع کئے جاتے ہیں۔ اعداد حاصل جمع کے حروف ندائیہ ''یا'' اپنے نام کے ساتھ ملا کر مثل ''یا عارف'' کے، چھ چلوں تک پڑھے جاتے ہیں، بلا ناغہ۔ تعین مقام کی ضرورت نہیں۔ صرف بلا ناغہ پڑھ لینا شرط ہے۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ چھ چلوں کے بعد ہمزاد مطیع ہوجائے گا اور تمہاری خواہش کے مطابق ہر ایک حکم پورا کرسکتا ہے۔

تسخیر ہمزاد (گیارہ یوم)

یَاقَوْمِ ھَمْزَادُ اُحْضُرُو اُحْضُرُو اُحْضُرُو بِحَقِّ حَمْعَسَقَ حَاضِرْ شُوْ حَاضِرْ شُوْ حَاضِرْ شُوْ

بابائے حاضرات جناب قیصر احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ تسخیر ہمزار کے لیے قطب کی طرف منہ کر کے رات **12** بجے عمل پر بیٹھیں۔ اپنے سامنے شیشہ رکھیں اور پیٹھ کے پیچھے سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں اور اپنے نام کے اعداد اور ماں کے اعداد کے مطابق عمل پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ عمل کل گیارہ (۱۱) دن پڑھنا ہے۔ جب گیارہ (۱۱) دن کے بعد حاضر ہوجائے تو اس سے قول و اقرار کریں کہ جو چیز میں کھاؤں گا تجھے بھی وہی کھانی پڑے گی۔ جب میں بلاؤں، اس وقت آنا اور جو کام میں کہوں وہ تجھے کرنا پڑے گا۔ اور اللہ کے حکم سے تابعداری کرے گا۔ اگر حسن اتفاق سے گیارہ (۱۱) یوم میں نہ حاضر ہو تو پھر اکیس (۲۱) یوم عمل کریں۔ ویسے گیارہ ہ (۱۱) یوم میں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ پرہیز جمالی کریں۔

نوٹ: اس عمل کو بغیر اجازت کرنا سخت منع ہے۔ کرنے والا اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

تسخیر ہمزاد

حضرت صوفی پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ ہمزاد کو مسخر کرنے والوں کو چاہئے کہ اپنے نام کے شروع میں (یا) کا لفظ بڑھائے۔ اور نام کے بعد اس جملے کا اضافہ کرے۔

اِظْھَرْ وَاَحْضُرْ بِحَقِّ رُوْحِ الْاَمِیْنَ۔

مثلاً: ظہیر احمد اپنے ہمزاد کو مسخر کرنے کے لیے عمل کرنا چاہتا ہے تو اُس کے لیے اس طرح پڑھنا ہوگا۔

یَاظَھِیْرَ احمد اِظْھَرْ وَاَحْضُرْ بِحَقِّ رُوْحِ الْاَمِیْنَ۔

بارہ بجے رات بند کمرے میں پڑھنا ہوگا۔ کمرہ بالکل خالی ہو۔ روزانہ ایک ہزار ایک سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اور پڑھتے وقت اپنی آنکھیں کھلی رکھیں۔ عمل بیٹھ کر یا ٹہلتے ہوئے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ باوضو ہونا شرط ہے۔ اور کوئی پرہیز اس عمل میں نہیں ہے۔ ان شاء اللہ اکیس یوم میں ہمزاد حاضر ہوگا۔ اور تابع فرمان ہوجائے گا۔ حسب قانون شریعت کام لیں۔ اگر ناکامی ہو تو دوبارہ سہ بارہ عمل کریں۔ ضرور کامیابی ہوگی۔

ہمزاد قابو کرنے کا قرآنی عمل

قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ (المؤمنون ۹۷-۹۸)

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس عمل کو تین سو اکہتر (۳۷۱) مرتبہ روزانہ رات کو اپنے سایہ پر نظر جما کر پڑھنا ہے۔ خواہ بیٹھ کر پڑھیں یا کھڑے ہو کر۔ اپنی پشت پر سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔ اکتالیس (۴۱) دن تک کریں اور ہمزاد کی تمام شرائط کے مطابق عمل پیرا ہوں۔ ہمزاد کی حاضری ہو تو شرائط طے کرلیں۔

نوٹ: اس عمل کو بغیر اجازت اور کسی بڑے عامل کی نگرانی کے بغیر کرنے کی غلطی نہ کریں۔ عملِ ہمزاد کی تمام شرائط پر عمل کرسکتے ہوں تو قدم بڑھائیں، ورنہ اپنی زندگی کو مصیبتوں اور مشکلات میں نہ ڈالیں۔ (خ)

Darul Amal Khizinia Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4175186
darulamal.org/magazine/shahkar

غیبی روحانی ہستی کے اعمال

قیصر احمد بی اے (کراچی)

عمل کی رجعت

اس روحانی ہستی نے مجھے میرے دوست کے ذریعے بتایا تھا کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے ستر (۷۰) مرتبہ سورۂ فلق پڑھو اور پھر کوئی بھی تسخیر کا عمل پڑھو یعنی عمل پڑھنے سے پہلے یا پھر اس دن میں پڑھ لیا کرو۔

دورانِ عمل اگر کوئی چیز ڈرائے

اگر دوران عمل کوئی چیز ڈرائے تو پھر دل ہی دل میں ''یاعمر'' کا ورد کرو۔ اس سے ڈر ختم ہو جائے گا اور اگر دوران عمل آنکھیں بند کرو اور پھر بھی وہ مخفی مخلوق نظر آئے اور ڈرائے بھی تو پھر آنکھوں پر خیال سے آنکھ کے اندر کی طرف ''یاعمر'' لکھو۔ ان شاء اللہ ڈر ختم ہو جائے گا۔ اور اگر دوران عمل بہت ہی زیادہ تنگ کریں تو پھر ستر (۷۰) مرتبہ ''یاعمر'' پڑھو اور پھر اس عمل مذکورہ کو پڑھو۔

عمل میں کامیابی کے لیے

عمل میں کامیابی کے لئے اس روحانی ہستی نے مجھے میرے دوست کے ذریعے بتایا کہ کسی بھی عمل سے پہلے 3 دفعہ سورۂ رحمن شریف کو پڑھ لو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عمل میں کامیابی ہوگی، اگر میرے رب کو منظور ہوگا۔

دورانِ عمل مسخرہ چیز حاضر نہ ہو رہی ہو

اگر دورانِ عمل مسخرہ چیز حاضر نہ ہو رہی ہو تو پھر یہ آیت ایک سو چونتیس (۱۳۴) مرتبہ پڑھو۔ اوّل اور آخر میں پڑھو ''وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ'' یعنی پہلے سورۂ رحمن شریف تین (۳) مرتبہ پڑھ کر پھر یہ آیت قرآنیہ ایک سو چونتیس (۱۳۴) مرتبہ پڑھ کر اپنا عمل شروع فرمائیں۔ اگر میرے اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا تو پھر ضرور بضرور پہلی دفعہ ہی عمل میں کامیابی ہوگی ورنہ تقدیر سے کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا، بجز دعا کے کیونکہ واللہ غالب علی امرہٖ اور اللہ پاک کا حکم ہر چیز پر غالب ہے۔

جسمانی طاقت کے لیے

ایک دن میں نے اپنے دوست کو کہا کہ جسم مضبوط کرنے کیلئے کوئی نسخہ پوچھو۔ پہلی دفعہ جب میرے دوست نے اس غیبی روحانی ہستی سے پوچھا تو پھر وہ خاموش رہی اور وہ غائب ہو جاتی۔ دوسری دفعہ بھی اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ تیسری دفعہ بھی جواب نہ دیا۔ الغرض سات دفعہ کے بعد اس نے پوچھا کہ نسخہ طب نبوی سے چاہتے ہو کہ دنیاوی طب سے۔ میں نے کہا کہ ''اسے کہو کہ طب نبوی سے۔'' پھر وہ ہستی غائب ہوئی اور کچھ دیر کے بعد آکر جواب دیا کہ وہ نسخہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے۔ جتنی دفعہ چاہو پڑھو، فائدہ ہی فائدہ ہے۔

فوت شدہ بزرگان کی نظر کرم

اگر تم فوت شدہ بزرگوں کی نظر کرم کے طالب ہو تو صبح کی نماز پڑھنے کے بعد ایک دفعہ یا جتنی دفعہ سورۂ یٰسین پڑھ سکو، پڑھ اور اس کا ثواب رسول کریم ﷺ کی روح اقدس کو پہنچا کر اس کا ثواب اس روح کو آپ ﷺ کے وسیلہ سے پہنچا دے۔ اس روح کی طرف سے بلا تامل فیض باطنی جاری ہو جائے گا۔

عمل ہمزاد ''یاقوی''

جب کوئی شخص ہمزاد کی تسخیر کا طالب ہو تو اسے چاہیے کہ وہ کوئی ایسی قبر تلاش کر لے جو بہت پرانی ہو اور بوسیدہ ہو۔ جمعرات کے دن پرہیز جلالی اور جمالی کے ساتھ روزہ رکھ کر پنجگانہ نماز باجماعت پڑھیں اور اسی دن کی فجر کی نماز کے بعد ایک ہزار ایک سو ایک (۱۱۰۱) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اس قبر والے کی روح کو ایصال ثواب کریں اور پھر بعد از نماز عصر اس مردہ کی قبر کی مٹی دو (۲) کلو اٹھا کر لائیں۔ اور پھر بعد از نماز عشاء کسی علیحدہ کمرے میں اسی مٹی سے چھوٹی سی قبر بنا کر اس قبر کے اوپر چھوٹا سا (بقیہ ص 55)

Darul Amal Trust Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazine

بخار کے روحانی علاج

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ملیریا بخار کا علاج

اگر کوئی ملیریا کے بخار میں مبتلا ہو اور کسی طرح بھی آرام نہ آتا ہو تو ایسی حالت میں آیتِ کریمہ کا ورد سات (۷) مرتبہ بعد از نمازِ فجر، پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل مسلسل سات روز کریں۔ ان شاء اللہ، اس عمل سے ملیریا بخار جاتا رہے گا اور شفائے کامل نصیب ہوگی۔ آیتِ کریمہ کا نقش بھی لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔

برائے تپ ولرزہ ہر قسم

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں، ان شاء اللہ ہر قسم کا تپ ولرزہ دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	بِسْمِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	بِسْمِ	اللّٰهِ
الرَّحِيْمِ	بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ

بخار کا علاج

جس شخص کو گرمی سے بخار آتا ہو مندرجہ ذیل آیت کو پانی پر دم کر کے یا طشتری پر لکھ کر پلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفایاب ہوگا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ (الاعراف:۲۰۱)

بخار سے شفاء

سلیمان سبحانی تحریر فرماتے ہیں کہ جس کو بخار ہو سات بار یہ دعا پڑھے ''بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔'' اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا نمازی آدمی سات بار پڑھ کر دم کر دے یا پانی پر دم کر کے پلا دے۔ ان شاء اللہ بخار اتر جائے گا۔ ایک مرتبہ میں بخار نہ اترے تو بار بار یہ عمل کریں۔

(فیوض قرآنی بحوالہ مستدرک)

بخار کا علاج

جس شخص کو بخار پریشان کرتا ہو، وہ قرآن حکیم کی اس آیت کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ (ال عمران:۲۰۰)

بخار سے نجات

بخار کسی بھی طرح کا ہو، لگاتار تین (۳) روز تک مندرجہ ذیل آیت زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر نہار منہ مریض کو پلائیں۔

آیت یہ ہے: قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾

(الانبیاء:۶۹)

ٹائیفائڈ۔ موتی جھرہ۔ معیادی بخار۔ خسرہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَاحَفِيْظُ۔ يَاحَفِيْظُ۔ يَاحَفِيْظُ

يَاشَافِيْ۔ يَاشَافِيْ۔ يَاشَافِيْ

مُرِيْدُ الصُّبُّوْحُ قُدُّوْس

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ زردہ کے رنگ کو پانی میں گھول کر روشنائی بنالیں اور اس نقش کو پلیٹ پر لکھ کر استعمال کریں۔ یہ پانی ہر چار گھنٹہ کے بعد بڑوں کو ایک ٹیبل اسپون اور بچوں کو ایک ٹی اسپون پلائیں، اگلے روز پھر نئی پلیٹ لکھ کر اس طرح عمل کریں، تیسرے دن بھی یہی عمل دہرائیں۔ دوا اور غذا تین دن تک ممنوع ہے۔

Darulamal Chishtia Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazine/urdu

بچوں کو قریب کیجئے

انتخاب: محمد عارف

عربی کے چند کلمات ایک جگہ پڑھے تو ان کی جامعیت نے حیران کر دیا۔ چار کلمات پر مشتمل یہ نہایت قیمتی نصیحتیں گویا والدین کے بچوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات کی کلید ہیں۔ ذرا ملاحظہ فرمائیں:

اقتربوا من ابنا کم... وشاوروھم... وحاوروھم... واکسبوھم... قبل ان تخسروھم...!

ترجمہ: اپنے بچوں کے قریب رہا کرو ..... اُن سے مشورے کیا کرو..... تبادلۂ خیال کیا کرو..... اُن کے دل جیت لو..... قبل اس کے کہ تم انہیں ہمیشہ کے لئے کھو دو۔

والدین کی سب سے اول اور بڑی ذمے داری، بچوں کی صحیح تعلیم و تربیت ہوتی ہے۔ بچپن اور لڑکپن کا زمانہ بے شعوری و بے خیالی کا دور ہوتا ہے۔

اس وقت بچے بڑوں کے رحم و کرم کے محتاج ہوتے ہیں۔ بچے انہی کو اپنا محسن سمجھتے ہیں جو انہیں اپنے قریب رکھتے ہیں، ان سے پیار کرتے ہیں۔

بہترین تربیت جو قربت و انسیت سے ممکن ہے، ڈانٹ ڈپٹ اور مار دھاڑ سے ہرگز ویسی ممکن ہی نہیں۔

سیرت النبی میں بچوں کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسنِ سلوک کا جائزہ لیں تو آپ ﷺ بہترین مربّی اور بچوں پر رحم کرنے والے نظر آئیں گے۔

آپ ﷺ نے بچوں کے ساتھ نرمی، محبت، عاطفت، ملاطفت کا درس نہ صرف اپنی تعلیمات ہی کے ذریعہ دیا، بلکہ اپنے عمل سے بھی اس کا ثبوت پیش فرمایا۔

آپ ﷺ نے بچوں کے بچپنے کا ہر لحاظ سے خیال رکھا۔ اپنی تمام تر رفعت شان کے باوجود ان کے ساتھ کھیلے بھی اور کبھی ان پر سختی نہیں فرمائی۔

اپنے پیارے نواسوں سے آپ ﷺ کی محبت و شفقت کے کئی واقعات ہم سنتے، پڑھتے رہتے ہیں کہ کیسے وہ عین نماز کی حالت میں بھی لاڈ سے آپ ﷺ پر سوار ہو جاتے تھے اور آپ ﷺ ناراض تو کیا ہوتے، ان کے لیے سجدے کو طویل فرما لیتے۔

ایک بار آپ ﷺ حضرت حسنؓ کو چوم رہے تھے۔ ایک دیہاتی نے اعتراض کرتے ہوئے گویا حیرت کا اظہار کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

اگر اللہ نے تیرے دل سے رحمت کو نکال دیا تو میں کیا کر سکتا ہوں؟!

ایک بار ایک اور ایسے ہی موقع پر جب ایک صحابیؓ نے حیرت کا اظہار کیا تو فرمایا کہ جو شخص رحم نہیں کرتا، اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔

مسلمان تو مسلمان، حضور ﷺ نے تو کفار کے بچوں کے ساتھ بھی نرمی کی تلقین فرمائی۔ ایک یہودی کا لڑکا آپ علیہ السلام کی خدمت میں آیا کرتا تھا۔ وہ ایک دفعہ بیمار ہو گیا۔ آپ ﷺ نے از خود تشریف لے جا کر اس کی عیادت فرمائی۔ اس بچے کے سرہانے بیٹھے، پھر اس بچے سے فرمایا: اسلام قبول کرو، اس بچے نے اپنے والد پر نظر ڈالی۔ والد نے بھی کہا: ابوالقاسم (ﷺ) کی اطاعت کرو، لہٰذا وہ بچہ مسلمان ہو گیا۔ آپ ﷺ یہ کہتے ہوئے نکلے: تمام تعریفیں اسی اللہ کے لئے ہیں جس نے اس کو آگ سے بچا لیا۔

آج اس اسوہ حسنہ کی روشنی میں ہم اپنے سلوک کا جائزہ لیں تو معلوم ہو گا کہ کفار اور غیر کے بچے تو الگ، ہم اپنے بچوں، اپنے خون کے ساتھ کیسا بیگانے کا سا سلوک کرتے ہیں؟

باپ کی درشت مزاجی کی وجہ سے بچہ پڑوسی انکل کے زیادہ قریب، باپ سے دور ہوتا ہے۔ بات بات پہ مارنا، چلانا، برا بھلا کہنا بچوں کو نہ صرف ڈھیٹ بنا دیتا ہے بلکہ ان کو ماں باپ سے دور بھی کر دیتا ہے۔ پھر ہوتا یہ ہے کہ بچے اس جذباتی خلا کو باہر والوں سے پُر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ باہر پھرتے سفاک درندے ایسے ہی معصوموں کا شکار کرنے گھات لگائے بیٹھے ہوتے ہیں..... سو وہ انہیں جھوٹی محبت کے جال میں پھانس کر ان کا جذباتی و جنسی استحصال تک کر بیٹھتے ہیں۔

گھر میں خود بچے سے متعلق امور میں بھی اس سے کوئی مشورہ نہیں ہوتا، نہ اس سے رائے لی جاتی ہے اور نہ اس کی پسند ناپسند کا خیال رکھا جاتا ہے۔ ہر وقت، ہر بات میں بس اپنی مرضی چلائی بلکہ باقاعدہ ٹھونسی جاتی ہے۔

آہستہ آہستہ والدین اور بچوں کے درمیان ایک ایسی اجنبیت کی دیوار کھڑی ہونے لگتی ہے کہ پھر بچہ کسی جذباتی کشمکش کا شکار ہو جائے، اس کے ساتھ کچھ غلط ہونے لگے تو وہ چاہتے ہوئے بھی اپنی بات والدین (بقیہ ص 55)

بہو کی 10 معمولی غلطیاں جو ساس کو اُس کی دُشمن بنا دیتی ہیں

ساس اور بہو کا رشتہ ساری دُنیا میں ہی بدنام ہے مگر پاکستان میں جہاں جوائنٹ فیملی سسٹم ہے وہاں یہ رشتہ بدنام ترین رشتہ ہے جو گھر میں جنگ کو کبھی ختم نہیں ہونے دیتا۔ ماں..... جو دُنیا کا سب سے انمول رشتہ ہے، اُس نے بیٹے کو پرورش کر کے جوان کیا ہوتا ہے، اُس نے قُربانیاں دی ہوتی ہیں اور وہ بیٹے پر اپنا حق سمجھتی ہے اور بالکل جائز سمجھتی ہے اور وہ کبھی گوارا نہیں کرتی کہ اُس کا بیٹا اُس سے زیادہ کسی اور خاتون کو توجہ دے۔

دُوسری طرف بہو ہے جس نے اپنا گھر بار، اپنے ماں باپ سب کُچھ چھوڑ کر شادی کی ہوتی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ اُس کا شوہر سوائے اُس کے کسی اور طرف متوجہ نہ ہو۔

جوائنٹ فیملی سسٹم میں جب دو حوا کی بیٹیاں یعنی ساس اور بہو جب ایک ہی پراپرٹی یعنی مرد پر اپنی اجارہ داری قائم کرنے کی کوشش کرتی ہیں تو دونوں میں انڈیا پاکستان کی طرح ایک نہ ختم ہونے والی جنگ کا سلسلہ شروع ہوتا ہے اور اس جنگ میں پُورے خاندان کو نقصان پہنچتا ہے۔

اس مضمون میں ہم بہو کی **10** ایسی غلطیاں جو وہ بے خیالی میں کرتی ہے اور ساس کی نظروں میں چھبنے لگتی ہے، ذکر کر رہے ہیں جس پر اگر نئی شادی شُدہ خواتین تھوڑی سی توجہ دے دیں تو گھر کی ملکہ یعنی ساس سے اُن کے تعلقات انتہائی مضبوط اور بیٹیوں جیسے ہو سکتے ہیں۔

نمبر1: ساس کی ہاں میں ہاں ملانا

بہو کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ جس گھر میں وہ بہو بن کر گئی ہے، اُس گھر کو اُس کی ساس نے گھر بنایا ہے اور اُس گھر کی قانون سازی بھی اُس کی ساس نے کی ہے۔ لہٰذا ساس چاہے غلط ہو یا ٹھیک ہو بہو کو پہلے **5** سال ساس کی کسی بات سے اختلاف نہیں کرنا چاہیے۔ ساس کی ہاں میں ہاں ملاؤ، اُس کی پُوری بات سُنو اور بات کو درمیان میں سے مت کاٹو اور ساس کی ہر بات میں ساس کی طرف داری کرو۔

عورت، عورت کی دوست صرف اُسی صورت میں بنتی ہے جب وہ دوسری عورت کی ہر بات کو سُنے اور اُسے بالکل حق پر قرار دے اور اُس کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرے۔

اگر آپ اپنی ساس کے ساتھ ہمدردی ظاہر کر کے اور اُس کی ہاں میں ہاں ملا کر اور اُس کی ہر بات کو صحیح قرار دے کر اُس کے دل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو جائیں تو سمجھ لیں ساس کے بعد گھر کی ملکہ کا تاج آپ کے سر پر رکھا جائے گا۔

نمبر2: ڈانٹ پر ہرگز نہیں رونا

گھر کے کسی کام پر ساس اگر بہو کو ڈانٹ دے تو عام طور پر بہو کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں اور یہ ایک سنگین غلطی ہے۔ سوائے بیٹی کے رشتے کے، عورت کا دل عورت کے آنسو دیکھ کر کبھی نہیں پگھلتا۔ وہ اُسے ہمیشہ مگر مچھ کے آنسو قرار دے گی اور بہو کا آنسو بہانا، ساس کے دل میں شک ڈال دیتا ہے کہ اب یہ میرے بیٹے کو میرے خلاف بھڑکائے گی۔ اس لیے ساس اگر ڈانٹے تو ماتھے پر بل ڈالے بغیر معصوم مُنہ بنا لینا ہے اور اپنی غلطی کا فوراً اعتراف کر کے جیسا ساس کہہ رہی ہو ویسا کرنا ہے اور اگر آپ ایسا کریں گی تو کُچھ عرصے بعد ساس کا رویہ نرم ہوتا چلا جائے گا اور وہ آپ کے کام میں کیڑے نکالنا بند کر دے گی۔

نمبر3: ماں اور بیٹے کی مُلاقات

شوہر جب کام سے گھر آئے اور ماں کے پاس بیٹھا ہو تو اُسے ہرگز ہرگز کوئی کام مت بولیں وگرنہ یہ بات ساس کو پسند نہیں آئے گی اور وہ سمجھے گی کہ بہو اُس کے بیٹے کو بلاوجہ کسی کام پر لگانا چاہ رہی ہے تاکہ وہ ماں کے پاس نہ بیٹھے اور ماں کی بات نہ سُنے۔

جائز کاموں میں بندش لگوانے کی تفصیل goo.gl/kj1ddP

نمبر4: ساس کی اجازت

شادی کے پہلے 2 سال بہو کو سمجھ لینا چاہیے کہ وہ فوجی ٹریننگ پر ہے اور فوجی ٹریننگ کے دوران چھٹی لے کر گھر کی سیر کو نہیں جاتے۔ اسی لیے بہو کو چاہیے کہ اپنے ماں باپ کے گھر شروع کے دو سال میں کم سے کم جائے اور ساس سے اجازت لے کر جائے اور بہتر ہوگا کہ ساس کو اپنے ساتھ لے کر جائے تاکہ ساس کے دل میں یہ بات جڑ نہ پکڑے کے بہو اپنے گھر جا کر ہمارے گھر کے متعلق کوئی بھی چغلی کرتی ہے۔ ایسا بہو کو زیادہ عرصہ نہیں کرنا پڑے گا اور اس سے ساس کا اعتماد بہو پر بڑھتا چلا جائے گا۔

نمبر5: شوہر سے محبت

بہو کو چاہیے کہ اپنی محبت کا اظہار اپنے شوہر سے سوائے اپنے بند کمرے کے، گھر کی کسی اور جگہ پر نہ کرے اور اگر شوہر چھیڑا خانی کرنے کی کوشش کرے تو اُسے مناسب الفاظ کے ساتھ منع کر کے اپنے کام پر توجہ دے۔ بہو کے ایسا کرنے سے ساس کا دل بہو کی طرف بڑھتا چلا جائے گا اور وہ گھر کے کاموں میں اُس پر اعتماد کرنے لگے گی۔

نمبر6: بناؤ سنگھار

بیٹے کے گھر لوٹنے سے پہلے ساس کی نظر بہو پر ہوتی ہے اور بہو کو چاہیے کے شوہر کے گھر آنے سے پہلے کام ختم کر لے اور بناؤ سنگھار کرے، اس سے جہاں شوہر خُوش ہوگا، وہاں ساس بھی خُوش ہوگی کہ لڑکی میرے بیٹے کا خیال رکھتی ہے۔

نمبر7: ساس کی سہیلیاں

ساس کے رشتہ دار یا سہیلیاں جب ساس سے گفتگو کر رہی ہوں تو جب تک ساس خُود بہو کو پاس بیٹھنے کا نہ کہے، بہو ہرگز ہرگز ساس کے پاس مت بیٹھے۔ وگرنہ ساس کے دل میں شک جائے گا کہ یہ ہماری باتیں سُننے کے چکر میں اِدھر اُدھر منڈلا رہی ہے اور اگر ساس آپ کی چغلی بھی کر رہی ہو تو بالکل نارمل رہیں اور ساس پر ظاہر نہ ہونے دیں کہ آپ نے سُنا ہے۔

نمبر8: سُسر سے تعلقات

بہو کے تعلقات عام طور پر اپنے سُسر کے ساتھ بہت اچھے ہوتے ہیں مگر بہو کو چاہیے کہ ان تعلقات میں اگر ساس اور سُسر کا آپس میں کوئی مسئلہ چل رہا ہو تو کبھی بھی سُسر کا ساتھ نہ دے اور ہمیشہ ساس کی ہاں میں ہاں ملائے اور ساس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرے۔ ایسا کرتے ہُوئے اگر سُسر سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو بے شک سُسر کو بعد میں اکیلے میں معذرت کر لے، وہ سمجھ جائے گا۔ مگر یاد رکھیں ایسی کوئی بات ساس نہیں سمجھے گی۔

نمبر9: ساس کی باتیں اور شوہر

اپنی ساس کا کوئی راز اپنے شوہر بلکہ کسی سے بھی شیئر مت کریں وگرنہ رازداری کی رسم ٹوٹ جائے گی اور ساس کو پتہ چلنے کے بعد اُس کا آپ پر سے اعتبار جاتا رہے گا۔

نمبر10: ساس کی خُوبصورتی کی تعریف

ہر سمجھدار بہو یہ بات جانتی ہے کہ ساس کی خُوبصورتی کی تعریف کرنا کتنا ضروری ہے۔ چاہے ساس خوبصورت نہ بھی لگ رہی ہو، اپنی ساس کی خُوبصورتی کی تعریف کریں اور اُسے بتائیں کے آپ کے سُسر اب بھی اُنہیں کن اکھیوں سے دیکھتے ہیں اور ہرگز ہرگز ساس کی پسند کی ہوئی کسی بھی چیز کو بُرا مت کہیں۔

نوٹ: بڑے اور طاقتور خاندان صبر سے بنتے ہیں اور بادشاہ بننے کے لیے بھی صبر سے اپنے وقت کا انتظار کرنا پڑتا ہے اور صبر کا پھل ایک دن ضرور ملتا ہے۔

روحانی درسگاہ کی طرف سے اہم اعلان

- داخلہ فیس کسی بھی صورت میں واپس نہیں ہوگی۔
- عمل یا کورس کا جو بھی ہدیہ لیا جائے گا، عمل ملنے کے بعد ناقابل واپسی ہوگا۔
- عمل ملنے کے بعد اس عمل کو کسی دوسرے عمل سے تبدیل نہیں کیا جائے گا، نا ہی رقم دار العمل کے کسی دوسرے شعبے میں منتقل ہوگی۔
- عمل لینے سے پہلے روحانی درسگاہ کے ناظمین سے مشورہ کر لیں۔ (انتظامیہ)

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1nJK

آپ کے مسائل اور اُن کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

بلڈ پریشر کا مسئلہ

سوال میری والدہ کو بلڈ پریشر کا مسئلہ ہے۔ بہت عرصہ سے ڈاکٹری علاج کروا رہے ہیں مگر ادویات کے باوجود ہائی رہتا ہے اور تھوڑی سی بھی ٹینشن لے لیں تو بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا ہے۔ کیا کوئی روحانی علاج ہے جس سے بلڈ پریشر ٹھیک ہو جائے یا کم از کم کنٹرول میں ہی رہے؟ (اسلم ملتان)

جواب اپنی والدہ کو کہیں کہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب ’’یَامَالِکُ یَاقُدُّوْسُ‘‘ تینتیس (۳۳) مرتبہ پابندی سے پڑھتی رہیں۔ ان شاء اللہ، بلڈ پریشر کنٹرول میں رہے گا۔

دفتر سے نکلے تعویذات کا اثر زائل کرنا

سوال آپ سے پہلے تشخیص کروائی تھی تو آپ نے فرمایا تھا کہ کسی نے جادو کروایا ہے اور گھر اور کاروبار..... دونوں پر کروایا ہے۔ اس کے بعد میرے دفتر سے کچھ تعویذات نکلے۔ کچھ میں اللہ کے نام لکھے تھے، کچھ میں سوئیاں چبھی ہوئی تھیں۔ اب میں ان تعویذات کا کیا کروں؟ (س، راولپنڈی)

جواب کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ تشخیص پر یا روحانی علاج شروع ہونے کے بعد گھر یا دفتر یا جادو ہونے والی جگہ سے تعویذات نکل آتے ہیں۔ دراصل روحانی علاج کے پیچھے جو غیبی مخلوق کام کر رہی ہوتی ہے، وہ مریض کا دھیان وہاں لے جاتی ہے جہاں تعویذ ہوتے ہیں یا پھر خود نکال کر ایسی جگہ رکھ دیتی ہے جہاں سے مریض کو مل جائیں۔ یہ بہت اچھی علامت ہے۔ گھبرائیں نہیں، ان کو ضائع کر دیں۔ ضائع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کچی لسی بنا کر رات کو سارے تعویذات اس لسی میں ڈال دیں اور صبح کو چلتے پانی میں بہا دیں۔ ان شاء اللہ، سارے تعویذات کا اثر زائل ہو جائے گا اور جو بھی مخلوق ان تعویذات کے زیرِ اثر ہو کر بندش لگا رہی ہوگی، وہ بھی آزاد ہو جائے گی۔

والدہ پر جادو

سوال السلام علیکم بیٹا! مجھے اپنی والدہ کے متعلق آپ سے پوچھنا ہے۔ وہ آج کل کچھ صحیح نہیں لگ رہیں۔ میری والدہ نارملی بہت تحمل سے رہتی ہیں۔ آج کل بہت تیزی آئی ہوئی ہے۔ کسی کی بات نہیں سن رہیں۔ صرف ہماری ایک بھابھی ہیں کراچی میں، جنہوں نے چار سال پہلے علیحدگی لے لی تھی، تو آج کل بس انہی کی طرف دھیان ہے اور ہر وقت انہی کا نام ہے۔ باقی بچوں سے دور ہو گئی ہیں۔ بھائیوں کا تو نام بھی سننا پسند نہیں کرتیں۔ پہلے ایسا نہیں تھا۔ انہیں سب پتہ تھا کہ بھابھی ہماری غصہ کی بہت تیز ہیں اور اس غصہ کی وجہ سے انہوں نے علیحدگی لے لی تھی۔ والدہ لاہور میں ہوتی ہیں۔

اب والدہ ہر وقت کراچی کراچی کرتی رہتی ہیں۔ ان کی ہی طرف دھیان لگا رہتا ہے۔ وہ کراچی جانا چاہ رہی ہیں مگر ان کی صحت اجازت نہیں دیتی۔ ان کی ٹانگوں کا بھی مسئلہ ہے کیونکہ ٹانگوں میں کافی تکلیف ہے۔ میں چاہ رہی ہوں کہ پتہ لگ جائے کہ کیا ان پر کچھ عمل کروایا گیا ہے جو ایسی ہو گئی ہیں؟ اگر عمل کروایا ہے تو اس کا تدارک کیا ہے؟ (UK)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ روزانہ ایک تسبیح معوذتین کی پڑھ کر والدہ کو تصور میں لا کر ان کے دل و دماغ پر دم کریں۔ اگر آپ کے دوسرے بہن بھائی بھی یہ کریں تو بہت اچھا ہو جائے گا۔

جس بہن یا بھائی کے پاس والدہ لاہور میں ہوتی ہیں، ان کو کہیں کہ معوذتین کی ایک تسبیح پڑھ کر پانی، چینی اور نمک پر دم کریں اور والدہ کو کھلائیں۔ یہ عمل صرف سات بار کرنا ہے اور پھر اطلاع کریں۔ ان شاء اللہ، والدہ میں بہتری آ جائے گی۔ رہی بات تشخیص کی تو پہلے یہ عمل کر کے اطلاع کریں۔ وہ بعد میں بتا دیا جائے گا۔

گھر میں جنات کا بسیرا

سوال میں نے نیو ڈیفنس کے پاس کے ایک سوسائٹی میں گھر بنایا۔ اس سوسائٹی میں سب سے پہلے گھر میرا تھا۔ دو سال ہو گئے ہیں۔ چند ہی گھر مزید بنے ہیں۔ پہلے تو کچھ نہیں ہوتا تھا پر اب کچھ عجیب سی حرکات گھر میں

ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ گھر میں کہیں کہیں دھبے نظر آتے ہیں۔ خون کے بھی نہیں ہوتے مگر لگتے ایسے ہی ہیں۔ رات کو میرے سونے والے کمرے میں کچھ لوگ اور خواتین کھڑے محسوس ہوتے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ کچھ باتیں کر رہے ہیں۔ گھر کی چیزیں بھی خراب ہوتی رہتی ہیں۔ مجھے شک ہے کہ گھر میں کچھ غیبی معاملات شروع ہو گئے ہیں۔ آپ رہنمائی فرمائیں۔ تشخیص و تجویز کی درخواست ہے۔ (سلمان، لاہور)

جواب محترم! جو علامات آپ بیان فرما رہے ہیں، اس کے مطابق تو بظاہر رہائشی جنات نے اظہار شروع کر دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اکثر جب ایسا معاملہ ہوتا ہے اور جنات سے پوچھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم انسان کی رہائش گاہ پر نہیں آئے بلکہ انسان ہماری رہائش گاہ پر آئے ہیں۔ اور ان کی بات ہے بھی صحیح۔ یہ شکر کریں کہ جنات نقصان دہ نہیں ورنہ بڑے بڑے مالی اور جانی نقصان لوگوں کو ہوتے ہیں۔ آپ کا علاقہ ہی آسیبی معلوم ہوتا ہے۔

میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنے علاقے کے جنات سے کسی قسم کی لڑائی مول نہ لیں۔ ان کو با آواز کہیں کہ ہمیں آپ کے رہنے پر کوئی اعتراض نہیں، بس آپ ہمیں کوئی نقصان نہ دیں اور اپنا اظہار اور اپنے ہونے کا احساس نہ دلائیں۔ میں کسی قسم کا عمل آپ پر نہیں کروں گا۔ تین دن لگاتار یہ کہیں۔ ایک پاؤ زردہ بنا کر صبح چھت پر رکھ دیں۔ منزل پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی پر دم کریں اور پئیں۔ مگر خیال رہے کہ آپ نے پانی چھڑکنا نہیں ہے۔ تین دن بعد چار دن مزید انتظار کریں اور تمام علامات ایک ہفتہ کی نوٹ کرتے رہیں اور پھر مجھے اطلاع کریں۔

تنخواہ نہیں بڑھ رہی

سوال میرا عربی مالک میری تنخواہ نہیں بڑھا رہا جب کہ میں کام پورا کر رہا ہوں اور حقدار ہوں۔ مہربانی فرما کر کچھ ایسا بتائیں کہ میری تنخواہ بڑھ جائے۔ میں بہت مشکور ہوں گا۔ (ع، دبئی)

جواب محترم! آج کل حالات تو ہر طرف ہی خراب ہیں۔ آپ یہ عمل کریں، ان شاء اللہ، تنخوہ بڑھا دے گا۔ یاد رہے کہ حقیقت میں واقعی آپ حقدار ہونے چاہئیں۔ یہ وظیفہ اکیس یوم کا ہے۔ پہلے تین دن سورۂ مزمل اکتالیس (۴۱) بار پڑھنی ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تصور میں عربی مالک کے دل و دماغ پر دم کر دیں۔ تین دن کے بعد تعداد گیارہ مرتبہ کر دیں اور مزید اٹھارہ (۱۸) دن پڑھیں۔ اس طرح کل اکیس یوم ہو جائیں گے۔ پھر بائیسویں دن لازمی تنخواہ بڑھانے کی بات کریں۔

شوہر کی دوسری بیوی نے قابو کیا ہوا ہے

سوال میرے شوہر نے دوسری شادی کر لی ہے۔ میں پاکستان سے باہر رہتی ہوں۔ دوسری شادی پاکستان میں کی ہے۔ دوسری شادی کے بعد سے وہ بہت بدل گئے ہیں۔ یہ تبدیلی بڑھتے بڑھتے اب حالات یہ ہو گئے ہیں کہ انہوں نے مجھے خرچہ دینا بھی چھوڑ دیا ہے، بچوں کا کوئی خیال بھی نہیں کرتے۔ جو کچھ کماتے ہیں، پاکستان جا کر دوسری بیوی کو دے کر آ جاتے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ جیسے دوسری بیوی نے میرے شوہر کو مکمل قابو کیا ہوا ہے۔ دوسری شادی میں میرے سسرال خصوصاً میری نندوں کا بھی تعاون شامل تھا۔ میری نندیں پاکستان میں ہی رہتی ہیں۔

اب میری نند نے مجھے بتایا ہے کہ دوسری بیوی نے عمل کر کر کے بھائی کو قابو کیا ہوا ہے۔ لگتا ہے کہ میری نند کی اس عورت سے لڑائی ہوئی ہے کیونکہ وہ بہت غصہ میں تھی۔ میں جادو اور عملیات کو نہیں مانتی تھی مگر حالات کی وجہ سے شک میں پڑ گئی تھی۔ اب مجھے یقین ہو گیا ہے۔ میری نند نے کہا ہے کہ کچھ کرو اور اپنے میاں کو اس عورت کے چنگل سے آزاد کراؤ۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (پوشیدہ)

جواب جو تفصیلات آپ نے بتائیں ہیں، وہ واضح اس طرف اشارہ کر رہی ہیں کہ آپ کا شک صحیح ہے اور آپ کی سوتن نے غلط قسم کے عملیات کروا کر شوہر کو قابو کیا ہوا ہے۔ فی الحال صرف ایک ہی عمل تجویز کر رہا ہوں۔ گیارہ (۱۱) یوم تک روزانہ سورۂ فلق کو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر پانی، چینی اور نمک پر پڑھ کر شوہر کو کھلائیں پلائیں۔ آٹھ دن بعد حالات کی اطلاع کریں، پھر مزید رہنمائی کی جائے گی۔

Darul Ishaat Khazina Rohaniyat Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
https://darulishaat.org/magazines/rohani/

مردہ بدروح

صفدر شاہین قسط ۳

ایک زمیندار کی ہوس کا نشانہ بننے والی لڑکی کی کہانی جس نے بھیانک انتقام لیا تھا۔

پچھلی قسط میں کہانی یہاں ختم ہوئی تھی کہ باؤ جی نسرین کے کہنے پر اس کے اندھیرے گھر میں داخل ہو گئے۔ اب آگے ملاحظہ فرمائیں۔

جب میں جھجکتا ہوا آگے بڑھا لیکن اندر قدم رکھتے ہی میرا پیر کسی گہری خلاء میں پڑا اور میں سنبھلنے سے پہلے ہی اس خلا میں گرتا چلا گیا۔ اس کے بعد مجھے ہوش نہ رہا۔ ہوش آیا تو میں ایک روشن کمرے میں تھا۔ میں نے اٹھتے ہوئے ادھر اُدھر دیکھا اور خوف کی شدت سے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ میرے دائیں جانب وہی کفن پوش مردہ لیٹا ہوا تھا جسے میں نے قبرستان میں دیکھا تھا۔ جبکہ نسرین اس پر جھکی ہوئی کہہ رہی تھی۔

''اٹھو بابا..... باؤ جی آ گیا ہے۔ دیکھو میں اسے کتنی جلدی تلاش کر کے لائی ہوں۔''

اسی لمحے باہر سے کچھ آوازیں آنے لگیں۔ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے کئی عورتیں اور مرد مل کر شور کر رہے ہوں۔

''باہر کون ہے؟.....'' کفن پوش نے اٹھتے ہوئے پوچھا۔

''بھوکے کتے ہیں..... اپنا حصہ مانگ رہے ہیں۔'' نسرین نے نفرت سے کہا۔

نسرین کمرے کے دروازے کی طرف بڑھی اور دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔ میں دہشت سے کانپ رہا تھا۔ کفن پوش مردہ یقیناً وہی مالی بابا تھا۔

''باؤ جی..... یہاں لوگ کسی کو اچھا کھاتا پیتا برداشت نہیں کر سکتے۔'' کفن پوش نے مجھے مخاطب کیا۔

''تت..... تم..... تم کون ہو.....؟'' میں ہکلایا

''ارے ساجد باؤ۔ کیا مجھے نہیں پہچانتے۔ میں وہی مالی تو ہوں جس نے تمہیں مفت میں مالٹے دیئے تھے۔''

''مگر تم تو زندہ تھے'' میں نے کہا۔

''تو کیا ہوا۔ ہوں تو انسان ہی نا تمہارے جیسا'' وہ خوفناک آواز میں ہنسا۔

''مرنے کے بعد تو تم بھی مردہ کہلاؤ گے نا؟''

اس کی بات سن کر دہشت سے مجھ پر لرزہ طاری ہو گیا۔ ''تت تو کیا نسرین بھی مردہ ہے؟''

''ہاں..... وہ مجھ سے دو سال پہلے مر گئی تھی۔ مگر میں نے اسے انسانی خون پلا پلا کر زندہ رکھا۔ پھر میں مرا تو اس نے مجھے خون پلانا شروع کر دیا۔ مگر میرے جسم پر سے گوشت پوست کیڑے کھا چکے تھے۔ اس لئے میں تمہیں مردہ نظر آتا ہوں اور نسرین زندہ دکھائی دیتی ہے۔''

میرے حواس پر طاری دہشت گہری ہوتی جا رہی تھی۔ باہر سے نسرین کی آواز آ رہی تھی۔

''بابا نے کہا کہ پہلے ہمیں اپنے حصہ کا خون پینے دو۔ پھر باؤ کو تمہارے حوالے کر دیا جائے گا۔''

''بعد کا کیا فائدہ۔ سارا خون تو تم باپ بیٹی چوس جاؤ گے۔'' ایک غصیلی آواز سنائی دی۔

بکواس بند کرو اچھو۔ ہماری مرضی سارا خون چوسیں یا آدھا۔ اسے گھیرا بھی تو ہم نے ہی ہے نا۔ تم کس حساب میں حصہ مانگنے آئے ہو۔ جاؤ دفع ہو جاؤ اور دوبارہ مت آنا۔ ایک قطرہ بھی نہیں ملے گا۔''

''ارے خفا کیوں ہوتی ہو نسرین'' کسی عورت کی آواز آئی۔

''ٹھیک ہے تم دونوں اپنی پیاس بجھا لو، کچھ بچ جائے تو دے دینا۔''

میں سمجھ گیا کہ وہ سب بدروحیں ہیں اور میرا خون پینا چاہتی ہیں۔ خوف کی شدت سے سردی کے باوجود میرا جسم پسینہ میں تر ہو رہا تھا۔ دفعتاً مجھے خیال آیا کہ کسی طرح وہاں سے بھاگ نکلنا چاہئے۔ میں فرش پر اس طرف سرکنے لگا جس طرف ایک بلند پتھر پر چراغ رکھا تھا۔ کفن پوش مالی نے میری طرف دیکھا۔

''ساجد باؤ..... نسرین میرا بڑا خیال رکھتی ہے۔ مجھے کبھی بھوکا نہیں

Darulfaizal Chishtia, Lahore
Whatsapp +92-322-4773796
darulfaizal.org/magazines/ruhani

رہنے دیتی۔ قبرستان کے تمام باسی اس کے غصے سے ڈرتے ہیں۔ پہلے وہ بالکل سیدھی سادی تھی مگر جب ایک شیطان نے اس کی عزت پر ہاتھ ڈالا تو وہ شیرنی بن گئی۔ آج سے پچاس برس پہلے جب وہ صرف سولہ برس کی تھی، روزانہ دوپہر کے وقت باغ میں سہیلیوں کے ہمراہ جھولا جھولنے جایا کرتی تھی۔ سن رہے ہو نا۔'' میں چراغ سے چند فٹ کے فاصلے پر رہ گیا تھا۔ اس کے پوچھنے پر میں نے اثبات میں سر ہلایا اور وہ دوبارہ بولنے لگا۔

اس روز نسرین باغ میں گئی تو اکیلی تھی۔ اس کی سہیلیاں گاؤں کی ایک شادی میں گئی ہوئی تھیں۔ میں بخار کے سبب گھر میں پڑا تھا۔ مجھے پتا ہوتا کہ نسرین باغ میں تنہا جا رہی ہے تو اس سے روک لیتا۔ باغ کے مالک زمیندار کا بیٹا اسلم تھا۔ اس میں ذرا بھی شرم و لحاظ اور غیرت نہ تھی۔ اس نے نسرین کو باغ کی طرف جاتے دیکھا تو بے ایمان ہو گیا اور نسرین کے پیچھے پیچھے باغ میں جا پہنچا۔ نسرین نے اسے دیکھا تو سمجھی کہ وہ اتفاقاً ہی آ گیا ہے۔ اس نے اسلم کو سلام کیا۔ اسلم نے میرے بارے میں پوچھا۔

''تمہارا بابا کہاں ہے؟''

''گھر پر..... وہ بیمار ہے چوہدری جی'' نسرین نے کہا ''اچھا..... ادھر آؤ۔ ذرا میرا سر دباؤ۔ بہت درد ہو رہا ہے۔'' اس نے وہاں پڑی میری چارپائی پر لیٹتے ہوئے کہا۔

نسرین انکار نہ کر سکی۔ کیونکہ وہ باغ کے مالک کا بیٹا تھا۔ وہ اس کے سرہانے کھڑے ہو کر اس کا سر دبانے لگی۔ ''نسرین..... تم مجھے بہت پسند ہو۔ مجھ سے شادی کرو گی؟'' چند لمحوں بعد اسلم نے پوچھا۔

''خدا نہ کرے چوہدری جی..... آپ کی بیوی مجھ سے زیادہ خوبصورت ہے۔'' نسرین بولی۔

''آپ کے پانچ بچے بھی ہیں۔''

''ٹھیک ہے لیکن میرا اپنی بیوی سے جی بھر چکا ہے۔ بچے جن جن کر اس کی خوبصورتی ختم ہو چکی ہے اور وہ بھینس کی مانند موٹی ہو گئی ہے۔'' اسلم نے ہنس کر کہا۔

''جبکہ تم کچی کلی ہو اور تمہارا شباب مجھے مست کر دیتا ہے۔ تم مجھ سے شادی کر لو تو ساری عمر عیش کرو گی۔''

''نہیں چوہدری جی..... میری شادی میرا بابا جہاں چاہے گا، کرے گا۔'' نسرین نے کہا۔

''شادی کے بعد یہ باغ میں تمہارے نام کرا دوں گا۔ تمہیں رہنے کے لئے الگ شاندار حویلی بنوا دوں گا۔ بجلی بھی لگوا دوں گا۔ ٹیلیویژن، فریج اور شاندار صوفہ سیٹ بھی لے دوں گا اور ہاں میں چند دنوں تک ایک کار لینے والا ہوں۔ اسی میں تمہیں شہر کی سیر کرانے لے جایا کروں گا۔''

وہ نسرین کو سبز باغ دکھاتا رہا اور نسرین بے چاری محلوں کے خوب دیکھنے لگی۔ اس نے کہا ''اچھا..... تم بابا سے میرا اراشتہ مانگ لو۔''

''اچھا..... میں کل بات کروں گا تمہارے بابا سے..... آؤ میرے پاس بیٹھو۔ اب تم میری دلہن بننے والی ہو تو پھر نیچے مت بیٹھو۔''

اس نے نسرین کا ہاتھ پکڑ کر چارپائی پر بٹھایا اور بولا۔ ''مجھے بتاؤ، کل شہر سے تمہارے لئے کتنا زیور لے آؤں؟''

ساتھ ہی اس نے نسرین سے چھیڑ چھاڑ کرنے کی کوشش کی تو نسرین نے اسے منع کیا مگر وہ نہ رکا اور اس نے نسرین کو دبوچ لیا تو نسرین غضبناک ہو گئی۔ اس نے خود کو اس کی گرفت سے چھڑایا اور میری لاٹھی اٹھا کر اسلم کے سر پر دے ماری مگر ضرب اس کے کندھے پر پڑی۔ اس نے نسرین سے لاٹھی چھین کر نسرین کے سر پر ماری اور نسرین بے ہوش ہو کر گر پڑی۔ تب اس شیطان نے نسرین کو بے آبرو کر ڈالا اور نسرین سر کے زخم سے مر گئی۔ اسلم اس کی لاش باغ میں چھوڑ کر چلا گیا۔

نسرین کافی دیر تک گھر نہ پہنچی تو مجھے فکر ہوئی۔ میں اسے بلانے باغ میں پہنچا تو وہاں اس کی لاش دیکھ کر مجھے بہت صدمہ ہوا۔ مجھے کچھ پتہ نہ چلا کہ اس کا قاتل کون ہے۔ میں شام تک نسرین کی لاش پر آنسو بہاتا رہا۔ اپنی رسوائی کے خوف سے میں نے خاموشی اختیار کی اور رات کے اندھیرے میں اس کی لاش اٹھا کر گھر لے آیا۔ پھر میں اپنے مرشد کے پاس گیا جو بہت بڑا عالم تھا۔ میں نے اسے نسرین کے مرنے کا بتایا اور اس سے کہا۔

''میں چاہتا ہوں کہ جب تک میں نسرین کے قاتل سے انتقام نہ لے لوں، اس وقت تک کے لئے نسرین زندہ ہو جائے۔''

(جاری ہے)

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

اولاد کی اصلاح کیلئے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانا

حضرت مولانا اعجاز احمد مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی آدمی یا عورت کی اولاد نافرمان، سرکش اور کہنا ماننے والی نہ ہو تو اس آیت کو باوضو بعد نمازِ عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف نماز والا، درمیان میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ دعا روزانہ اکتالیس (۴۱) دن برابر، بلاناغہ پڑھا کرے اور اولاد کی نیک چلنی اور اطاعت گزاری کی دعا کیا کرے۔ اور سب سے بڑی بنیاد یہ ہے کہ خود بھی سچ بولا کرے۔ نماز باجماعت کی پابندی کرے۔ عورت ہے تو نمازیں پابندی کے ساتھ گھر میں ادا کیا کرے۔ لڑائی جھگڑے سے دور رہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے سب کی بھلائی کی دعا کیا کرے۔ کسی پر ظلم نہ کرے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ راضی ہو کر اس کی اولاد کو نیک اور باعمل اور اطاعت گزار بنادے گا۔ نماز والا درود شریف گیارہ بار پڑھ کر ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے بعد میں یہ آیت پڑھتا رہے: وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾ (الاحقاف:۱۵)

جو لڑکا یا لڑکی غلط راہ پر چلنے لگے ہوں ان کی اصلاح

جو لڑکا یا لڑکی آوارگی، بے ہودگی، نافرمانی، شرارت، جھوٹ، فریب میں مبتلا ہو چکے ہوں، ان کی اصلاح کے لئے والدین سب سے پہلے اپنی اصلاح کریں۔ نماز کی پابندی کریں۔ مرد مسجد میں باجماعت نماز ادا کریں۔ ہر نماز کے بعد اولاد کی اصلاح کی دعا کیا کریں۔ سچ بولیں، جھوٹ، خیانت، گناہ، لڑائی، جھگڑے، غیبت، چغلی وغیرہ سے توبہ کریں۔ بعد نمازِ عشاء (گھر میں یہ عمل کرنا ہے۔ مسجد عبادت کی جگہ ہے) اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف نماز والا پڑھیں۔ درمیان میں یہ آیت ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے سب گھر والوں کو وہ پانی پلایا کریں۔ چالیس (۴۰) دن یہ عمل مسلسل بلاناغہ کریں۔ آیت پڑھنا شروع کریں تو پہلی مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھیں۔ بعد میں پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ نماز والا درود شریف پڑھیں۔ آیت شریفہ یہ ہے: وَاَهْدِیَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾ (النّٰزعٰت:۱۹)

اپنی اولاد کی اصلاح کے لیے مجرب عمل

رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾ (الاحقاف:۱۵)

اگر آپ اپنی اولاد کی فرمانبرداری چاہتے ہیں اور اللہ کے لیے پسندیدہ عمل کرنا چاہتے ہیں تو مذکورہ آیت تین (۳) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مفید ثابت ہوگی۔

اولاد کے فرمانبردار ہونے کے لیے

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ (ال عمران:۱۴)

روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔

بچوں کی ضد کا علاج

اول و آخر درود شریف ایک سو (۱۰۰) مرتبہ، "یَامُغِیْثُ" پانچ سو پچاس (۵۵۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچے کو پلائیں۔ سات (۷) دن تک مسلسل یہی عمل کریں تو ان شاء اللہ بچہ ضد چھوڑ دے گا۔

بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

حضرت لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ درست کریں اور تین بار سورۂ فاتحہ پانی پر دم کر کے بچے کو پلایا کریں۔

Darbar Chishtia, Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
Darbarchishtia.org/magazine/rahnumai

سورۂ اخلاص کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: سورۂ اخلاص بے شمار خصوصیات کی حامل سورت ہے۔ روحانی معالجین و عاملین اور روحانیت سے تعلق رکھنے والے ہر شخص کو اس سورۃ کا عامل لازمی ہونا چاہئے۔ اس سورۃ کا خاص اثر یہ ہے کہ اس کی برکت اور تاثیر سے روحانی معالج و عامل کے دیگر تمام اعمال میں زبردست طاقت، قوت، مضبوطی اور تیزی پیدا ہو جاتی ہے۔ روحانی معالجین و عاملین کے علاوہ ہر شخص کو اس سورت کا عامل ہونا چاہیے۔ کوئی بھی جائز مقصد ایسا نہیں، جو اس کے دائرہ کار میں نہ آتا ہو۔ خواتین کو اس سورت کی عاملہ ضرور بننا چاہیے کیونکہ گھر اور سسرال میں کئی مواقع ایسے آتے ہیں، جس میں اس عمل کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کیسے سیکھا جائے: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ محض اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

٭.....روحانیات میں ترقی و عروج حاصل ہو	٭.....جادو جنات کا علاج اور حفاظت	٭.....ظالم و کافر کو مغلوب کرنے کا عمل
٭.....کشائش رزق کے لیے مجرب	٭.....روزگار کے مسائل کا حل	٭.....جان لیوا بیماریوں کا علاج
٭.....دشمنوں کے مسائل کا حل	٭.....جائیداد اور مقدمات کے مسائل کا حل	٭.....تسخیر خلائق میں بہترین
٭.....من پسند شادی	٭.....شادی کے تمام مسائل کا حل	٭.....جائز محبت کے لیے مجرب ترین
٭.....زوجین کے مسائل کا حل	٭.....سسرال کے تمام مسائل کا حل	٭.....اولاد کی نافرمانی کا حل
٭.....ہر جائز مقصد کا حصول	٭.....ہر مشکل و پریشانی سے نجات	٭.....اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے: اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین..... دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی فیس: فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

٭٭.....پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ یہ عمل ہر کوئی کر سکتا ہے۔ اس کا فائدہ اپنی ذات اور صرف اپنے گھر والوں کو پہنچایا جا سکتا ہے۔ خزینۂ روحانیات کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی درسگاہ ارسال کریں۔

٭٭.....دوسرے اور تیسرے درجے کی زکوٰۃ کا ھدیہ ایک ہی ہے۔ **ھدیہ 4100 روپے**

٭٭.....مزید تین درجوں کی زکوٰۃ کا ھدیہ الگ الگ ہے۔ یہ درجے صرف اور صرف عاملین کے لیے ہیں۔ یہ سب بڑی منزلیں ہیں۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر ''آگے سکھانے کی خاص اجازت'' حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت عمل کسی کو سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

روحانی درسگاہ دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

اَفَحَسِبْتُمْ (سورۂ مؤمنون کی آخری آیات) کے عامل بنیں اور بے شمار فوائد حاصل کریں

تعارف: سورۂ مؤمنون کی آخری آیات بے شمار خصوصیات کی حامل ہیں۔ عاملین میں کم ہی عامل اس عمل کے بڑے درجے کے عامل گذرے ہیں۔ اس عمل کی سب سے زیادہ ضرورت جنات، آسیب وشیاطین کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کو ہوتی ہے۔ اس عمل سے بہت سے کام لیے جاسکتے ہیں۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ خواتین کو اس عمل کی عاملہ ضرور بننا چاہیے کیونکہ گھر اور سسرال میں کئی مواقع ایسے آتے ہیں، جس میں اس عمل کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

سیکھنے کی اہلیت: اس عمل کو سیکھنے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ محض اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس عمل کا عامل بننے کے مختصر فائدے درج ذیل ہیں:

٭.....ہر طرح کے جنات اور سایہ کے مریضوں کا علاج	٭.....جناتی اور شیطانی اثرات سے نجات	٭.....جناتی بدنظری کا شکار گھرانے کا علاج
٭.....جنات کو ہم کلام کرنا	٭.....جنات کی حاضری کرنا اور حاضری سے نجات	٭.....شیطان کو منہ توڑ جواب
٭.....جنات کے تنگ کرنے سے نجات	٭.....جنات سے جگہ خالی کرانا	٭.....گھریلو لڑائی جھگڑے اور بے سکونی سے نجات
٭.....مریض کے جسم میں بد اثرات حاضر کرکے جلانا	٭.....جان لیوا بیماریوں کا علاج	٭.....دردوں کا علاج
٭.....کینسر کا علاج	٭.....مشکلات سے نجات	٭.....جائز مقاصد کا حصول
٭.....ہر قسم کے حادثات، خطرات سے حفاظت	٭.....سسرالی مسائل سے نجات	٭.....اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے؟ اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین..... دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی فیس: فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

٭٭.....پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اسے ہر کوئی کرسکتا ہے۔ اس کا فائدہ اپنی ذات اور صرف اپنے گھر والوں کو پہنچایا جاسکتا ہے۔ اجازت کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کرکے ارسال کریں۔

٭٭.....دوسرے اور تیسرے درجے کی زکوٰۃ کا ھدیہ ایک ہی ہے۔ ہدیہ: **3100** روپے

٭٭.....باقی تین درجوں کی زکوٰۃ کا ھدیہ الگ الگ ہے۔ یہ درجے صرف اور صرف عاملین کے لیے ہیں۔

خاص اجازت: جو لوگ چلّہ کشی نہیں کرسکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر ''آگے سکھانے کی خاص اجازت'' حاصل کرکے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

نئی کتاب

کنوزِ نادرہ یعنی اعمالِ آیۃ الکرسی

مصنف
صوفی ساجد الرحمن ملازہی

اہل نظر و کشف اور عاملین سے یہ بات مخفی نہیں کہ آیۃ الکرسی انتہائی طاقتور آیت ہے۔ یہ وہ عظیم آیت ہے جسے آیاتِ قرآنیہ کا سردار کہا گیا ہے۔ اس آیت پر 70 ہزار سے زائد مؤکلین مامور ہیں۔ جو اللہ کے حکم سے عامل کے بلانے پر حاضر ہو کر اپنی ڈیوٹی پوری کرتے ہیں۔ صوفی ساجد الرحمن ملازہی کی تین کتبِ عملیات بشمول بے مثال عملیات و تعویذات کے بعد یہ چوتھی تصنیف بنام کنوز نادرہ یعنی اعمالِ آیۃ الکرسی منظر عام پر آ چکی ہے۔ اس کتاب میں آیۃ الکرسی کے انتہائی قیمتی صدری اعمال درج کئے گئے ہیں مثلاً ...دائمی حصار کا دھاگہ والا عمل ...دائمی حصار کا صدری عمل ...حفاظت کا دائرے والا عمل ...عامل کے لئے اعمال چلانے کا انتہائی خاص عمل ...جنات کے عمل کو باندھنے کا خاص عمل ...قومِ جنات کو تہس نہس کر دینے والا عمل ...جادو توڑ نقش ...نقشِ چراغ کا عمل ...نقشِ گلاب کا عمل ...جادوگر کو سلب کرنے اور اسے سزا دینے کا عمل ...تفریقِ زوجین کی کاٹ کا عمل ....حب کا خاص عمل ...حب کا مجرب تعویذ ...حب کیلئے آیۃ الکرسی کا نایاب فلیتہ ...حب کا سمندری عمل ...حب کیلئے ھڈی کا عمل ...تسخیر مال و دولت کا عمل ...تسخیرِ خاص و عام ...ظالم کی ہلاکت کا عمل ...قرض کی رقم واپس لینے کا عمل۔ کنوزِ نادرہ کے اعمال سے مکمل فیض یاب ہونے کیلئے عامل کو تین روزہ عمل کرنا ہوگا۔ طریقہ عمل: وقت و جگہ کی پابندی کے ساتھ عامل تین دن تک روزانہ 70 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل اس کیلئے یہ تمام اعمال اللہ رب العزت کے حکم سے مؤثر ہو جائیں گے۔

خاص اجازت کے ساتھ
عام قیمت: 1000 روپے
کتاب PDF بھی منگوا سکتے ہیں

مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877

نئی کتاب

مجربات روحانی

قیمت 2500 روپے

مصنف
صوفی ساجد الرحمن ملازہی

- عامل کامل اور روحانی معالج بنانے والی نایاب کتاب
- سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخنوں تک کی بیماریوں کے لئے طبی، دیسی اور روحانی علاج پر مشتمل لاجواب کتاب

بحمد اللہ تعالیٰ 4 کتبِ عملیات بشمول بے مثال عملیات و تعویذات کی عظیم کامیابی کے بعد اب پانچویں، بقیہ کتب سے زیادہ نایاب اور قیمتی اعمال پر مشتمل کتاب بنام ''مجربات روحانی'' منصۂ شہود پر لائی جا رہی ہے۔ اس کتاب میں کیا ہے؟.....اس کی جگہ یہ کہنا چاہئے کہ کیا نہیں ہے...الحمد للہ مجرباتِ روحانی میں بالوں کے مسائل...سر درد...دماغی رسولی...وہم و ہسٹیریا...بخار...ٹائفائیڈ...امراض چشم...نزلہ زکام...دانت کا درد...کان درد...گلٹیاں...ہاتھوں کا درد...دل کا سوراخ...دردِ گردہ...اپنڈکس...پتھری...ڈائلیسز...تھلیسیمیا...ایڈز...کینسر...شوگر...بلڈ پریشر...مرض دمہ...معدہ کی خرابی...ناف...بواسیر...نامردی...لیکوریا...پیچش...فالج لقوہ...برص...وغیرہ بیماریوں کے متعدد دیسی، طبی اور روحانی علاج موجود ہیں۔ اس کے علاوہ جادو جنات، بندش سفلی، عمل نظر بد، رجعت وغیرہ کیلئے کثیر صدری و نایاب اعمال درج کئے گئے ہیں اور یہی نہیں ساتھ ہی حب کے 41 سے زائد صدری اعمال، حزب البحر چہل کاف، چہل قاف کبیر، چہل قاف قرآنی، افحسبتم والی آیت اور اذان، سورۂ جن اور سورۂ فلق و ناس کے انتہائی قیمتی اعمال ذکر کئے گئے جو لاکھوں میں بھی کوئی عامل دینے کو تیار نہیں ہوتا۔ بلا مبالغہ یہ کتاب دنیائے عملیات میں ہل چل مچا دینے والی منفرد کتاب ہوگی۔

خاص اجازت کے ساتھ

اس کتاب کا ہدیہ 2500 روپے علاوہ ڈاک/کوریئر خرچ ہے۔ جو لاکھوں کے اعمال کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔

مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877

خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/UVdyD7

حرزِ دافع البلیات

ھدیہ: 200 روپے مکمل کاپی (100 تعویذات)

ہمہ قسم کے امراض کے خاتمے، جادو سے نجات، بندش کے توڑ، گھر اور کاروبار میں کشادگی، اعمال سفلیہ کے رَد، جنات کی شرارتوں سے حفاظت، رشتوں کی بندش دور کرنے کیلئے مجرب ترین نقش ہے۔ دفع نحوست سیارگان اور نظرات مخالف کواکب کے لیے مخصوص رنگ کے کاغذ پر مخصوص سیاہی سے تیار کیا گیا ہے۔ عاملین اس حرز کو ہانڈی اور کڑاہی والے اعمال میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

حرز دافع البلیات استعمال کرنے کی مختلف تراکیب نقش کے ساتھ موجود ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نقش کے استعمال کے بعد جملہ تمام مسائل کے لیے عاملین حضرات کو کسی اور نقش یا عمل کی حاجت نہیں رہے گی۔

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ 0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

تعویذِ خیر و برکت

جگہ پر لگانے کا بڑے سائز (A4) کا تعویذ۔ قرآنی سورتوں اور آیات، احادیث کی دعاؤں، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف اور عاملین کے خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ۔ جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے، نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں، شیاطین جگہ چھوڑ دیتے ہیں، جادو اور جنات سے نجات میں بھرپور معاونت ہوگی، ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق اس جگہ آنے سے گھبراتی ہے، مختلف نقصانات ہونا بند یا کم ہو جائیں گے، آپس کے لڑائی جھگڑوں میں واضح کمی آئے گی، ہر وقت کسی نہ کسی کی بیمار رہنے والی علامت ختم ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ڈاک خرچ بذمہ خریدار

تعویذ کا ہدیہ: 750 روپے

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ 0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کالی بتی

قیمت 6 روپے فی عدد

ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے جادو کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔
ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بندش کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔
ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو ہونیوالی ڈیپریشن ختم کرتی ہے۔
ہر قسم کے جادو کے مریضوں پر بوجہ جادو جسم پر پڑنے والے بوجھ کو ختم کرتی ہے۔ ہر قسم کے جادو کے مریضوں کے جسم بوجہ جادو میں ہونیوالی دردوں کو ختم کرتی ہے۔ ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو رہنے والی بے خوابی کو ختم کرتی ہے۔ ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو پیدا ہونے والے غلط خیالات کو ختم کرتی ہے۔ ہر قسم کے جادو کے مریضوں کو آنے والی ڈراؤنی و غلط خوابوں کو ختم کرتی ہے۔ ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو پیدا ہونے والے وساوس کو ختم کرتی ہے۔

عاملین کیلئے خصوصی رعایت

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ 0334-4312272, 042-35410586
ruhanishop

(2 نئے مجرب تعویذ)

نقش گلاب و نقش چراغ

1. نقش چراغ کا طلسماتی عمل جادو، بندش، سفلی عمل، رجعت کی کاٹ کیلئے سریع الاثر اور فوری کاٹ کرنے والا ہے۔ یہ ایک بزرگ کا بہت خاص عطیہ ہے جو وہ خود کیا کرتے تھے، روحانی معالجین کے لئے عظیم خزانہ ہے۔
2. نقش گلاب کا محبت میں تڑپا دینے والا عمل۔ اکثر عاملین حب کے کامیاب اور جلد اثر دکھانے والے اعمال کے طالب ہوتے ہیں۔ یہ عمل ایسے ہی عاملین و طالبین کے لئے ہے۔ اس کے دو خاص اعمال میں سے ایک انتہائی خاص عمل حب کا سمندری عمل ہے۔ یہ عمل سمندر کے کنارے بیٹھ کر کیا جاتا ہے، یہ عمل کنوز نادرہ میں بھی موجود ہے۔

یہ دو خاص نقوش کے پیڈ اسپیشلی کنوز نادرہ یعنی اعمال آیۃ الکرسی لینے والوں کے لئے ہیں۔ ایک پیڈ میں تقریباً 800 تعویذات ہیں۔ یہ پیڈ عاملین کی آسانی کے لئے بنائے گئے ہیں کیونکہ بار بار محنت و مشقت کر کے مخصوص انداز میں گلاب کا پھول اور چراغ بنا کر اس میں نقش لکھنا اور عبارات لکھنا انتہائی مشکل کام ہے۔ اس پیڈ کا فائدہ یہ ہوگا کہ عامل کو نقش لے کر صرف پُر کرنا ہوگا اور اپنے مقصد کی عبارات لکھنی ہوگی۔

نقش چراغ و گلاب کا ہدیہ: 800 روپے

نصف پیڈ کا ہدیہ: 500 روپے | **چوتھائی پیڈ کا ہدیہ: 300 روپے**

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ 0334-4312272, 042-35410586
ruhanishop

Whatsapp +923224773180
darulamal.org/magazine/shop

کیا عدد آٹھ نحس ہے؟ قسط ۳۰

تحقیق و تحریر: اظہر عنایت شاہ (کوہاٹ)

قارئین! عدد آٹھ کی تیسری قسط پیش خدمت ہے۔ جیسا کہ ہم گزشتہ اقساط میں بیان کر چکے ہیں کہ عدد آٹھ اسرار سے لبریز ایک پر اسرار عدد ہے۔ ایک ایسا عدد جس میں حفاظت، طاقت، قوت اور نصرت کا عجیب نظام پنہاں ہے۔

ایک ایسا عدد جس کا تعلق عالم علوی سے زیادہ جڑا ہوا ہے۔ ایک ایسا عدد جسے اب تک سے زیادہ پیچیدہ عدد کہا اور مانا گیا ہے۔ علمائے نجوم و اعداد نے اب تک صرف اس کے تاریک پہلو کو کُرید کُرید کر بیان کیا ہے لیکن ہم اس کے روشن پہلو کو اللہ کی توفیق سے آپ کے سامنے کھول کھول کر بیان کر رہے ہیں۔ جس پر ہم اُس پاک ذات کا شکر ادا کرتے ہیں۔

اس قسط میں ہم مزید کچھ خاص مناسبات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی وہ آیات مبارکہ پیش کریں گے جن کے اعداد کا مفرد عدد آٹھ بنتا ہے اور جو روحانی عملیات میں کافی مستعمل ہوتی ہیں۔

1۔ شبِ قدر اور عدد آٹھ: شبِ قدر ماہِ رمضان کی آخری عشرے کی طاق راتوں میں ہوتی ہے۔ طاق راتیں یہ ہیں:

21+23+25+27+29=125=17=8

2۔ سبع سیارگان اور عدد آٹھ: شعبہ عملیات سے جڑا تقریباً ہر شخص سبع سیارگان کی اہمیت سے بخوبی واقف ہے۔ سبع سیارگان یہ ہیں۔

نام سیارگان	اعداد
زحل	45
مشتری	950
مریخ	850
شمس	400
زہرہ	217
عطارد	284
قمر	340
مجموعہ	3086
مرکب اعداد	44
مفرد عدد	8

3۔ قیامت کے دن اُمتِ محمدیہ کی صفیں: قیامت کے دن کل ایک سو بیس صفیں ہوں گیں جن میں چالیس صفیں باقی اُمتوں کی اور اسّی صفیں صرف اُمتِ محمدیہ کی۔ **80** کا مفرد **8** ہے۔

4۔ چہل کاف اور عدد آٹھ: چہل کاف روحانی عملیات کا معروف و مقبول ترین عمل ہے اور کیوں نا ہو، سر الاسرار رُوح الاولیاء پیرانِ پیر حضرت اقدس شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ کی طرف منسوب عمل ہے۔ اس کے کل اعداد میں فرق ہوسکتا ہے کیونکہ کچھ الفاظ کا فرق پایا جاتا ہے لیکن ایک چیز جو متفق و مسلم ہے وہ **40** کاف۔

اب دیکھیں حرف کاف کے اعداد **20*40=800=80=8**

تو پتہ چلا کہ چہل کاف کی طاقت، قوت اور سریع التاثیر نی کے پیچھے عدد آٹھ کی قوت کارفرما ہے۔

5۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ قرآن کے دو بڑے نام ہیں۔ قرآن اور فرقان۔ فرقان کے مجموعہ اعداد **431**، مرکب اعداد **44**، مفرد عدد **8**۔

اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو بڑے نام محمد اور احمد، احمد کے مجموعہ اعداد **53** مفرد عدد **8**۔

6۔ قرآن مجید میں ہاروت و ماروت کا ایک ساتھ ذکر ہے۔ ماروت کے اعداد **647**، مرکب اعداد **71**، مفرد عدد **8**۔

اسی طرح یاجوج و ماجوج کا ایک ساتھ ذکر ہے ماجوج کے اعداد **53**، مفرد عدد **8**۔

اسی طرح طالوت اور جالوت کا ذکر ہے۔ جالوت کے اعداد **440**،

روحانی دفاعی اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/wPJ3Zc

مرکب 44، مفرد عدد 8۔

ہر دوسرے نام کا مفرد عدد 8 بن رہا ہے۔ اس میں کیا راز ہے؟ اللہ ہی بہتر جانے۔

7۔ مرض کینسر اور عدد آٹھ: ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے ایک مضمون میں ایک حیرت انگیز انکشاف کیا ہے۔ موصوف لکھتے ہیں کہ بین الاقوامی کینسر کے علاج کی دوائیں بنانے والے کبھی یہ نہیں بتاتے کہ کینسر محض وٹامن بی 17 کی کمی کا نام ہے اور بین الاقوامی سطح پر ایسے ٹانک بنانا ممنوع ہیں جو وٹامن بی 17 فراہم کرتے ہوں (اقتباس روزنامہ جنگ یکم جولائی ۲۰۱۹)۔

اب ذرا سا غور فرمائیں۔ وٹامن بی 17 کا مفرد 8 ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں کہا جائے گا کہ جسم سے عدد آٹھ کی قوت کم ہونے سے مرض کینسر لاحق ہو جاتا ہے۔

8۔ معتصم باللہ اور عدد آٹھ کا عجیب اتفاق: (1) معتصم باللہ سنہ 180ھ میں آٹھویں مہینہ میں پیدا ہوا (2) رمضان کی اٹھارہویں شب میں فوت ہوا (3) عباسی خلفاء میں آٹھویں نمبر پر خلیفہ ہوا (4) آٹھ فتوحات حاصل ہوئیں (5) اس کے دروازے پر آٹھ بادشاہ کھڑے ہوئے (6) اور کہا گیا کہ آٹھ دشمن بھی کھڑے ہوئے (7) اس کی عمر 48 سال ہوئی (8) خلافت آٹھ سال آٹھ ماہ آٹھ دن ہوئی (9) اپنے پیچھے آٹھ بیٹے، آٹھ بیٹیاں چھوڑیں (10) ترکہ اسی لاکھ دینار، اسی کروڑ درہم، اسی ہزار گھوڑے، اسی ہزار اونٹ خچر اور جانور، اسی ہزار خیمے، اسی ہزار غلام، آٹھ ہزار لونڈیاں چھوڑیں (11) آٹھ محل بنائے (12) اس کی انگوٹھی کا نقش الحمدللہ تھا اور اس کے آٹھ حروف ہیں (13) اس کے زرخرید غلاموں کی تعداد 18000 تھی۔ اس نے ہر چیز کو آٹھ کی تعداد میں دیکھا۔ مثمن اور ثمانینی کے لقب سے مشہور ہوا (کنز ص 207 بحوالہ مرآۃ الزمان للامام سبط ابن الجوزی رحمہ اللہ)۔

9۔ سلطان محمود غزنوی اور عدد آٹھ: سلطان محمود غزنوی رحمہ اللہ کو ہندوستان پر سولہ حملوں میں شکست ہوئی اور سترہویں حملے میں فتح ملی۔ 17 کا مفرد 8۔

10۔ غزوۂ بدر اور عدد آٹھ: تاریخ اسلام کی پہلی جنگ غزوۂ بدر ہے جس میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ غزوۂ بدر سترہ رمضان المبارک کو ہوئی۔ 17 کا مفرد 8۔ لفظ بدر کے مجموعہ اعداد 206، مرکب اعداد 26، مفرد عدد 8۔

11۔ فتح مکہ اور عدد آٹھ: فتح مکہ مسلمانوں کی بہت بڑی فتح تھی، جس کی بشارت سورۂ فتح میں دی گئی تھی۔ جس کے بعد لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہوئے۔ آپ سب جانتے ہیں کہ فتح مکہ سن آٹھ ہجری میں ہوا۔

12۔ بیت المقدس اور عدد آٹھ: بیت المقدس عہد فاروقی میں 17 ہجری (جس کا مفرد 8 ہے) کو بغیر جنگ کے فتح ہوا۔ اور عجیب بات یہ کہ بیت المقدس کے مجموعی اعداد 647، مرکب اعداد 71، مفرد عدد 8۔

13۔ کرامت اور عدد آٹھ: کرامت خرق عادت اور فعل الٰہی ہے جس کا ظہور ولی اللہ سے صادر ہوتا ہے۔ ولایت کے چالیس درجات ہیں، جس میں ستر ہواں درجہ کرامت کا ہے (یہ کہیں پڑھا تھا اب ذہن میں نہیں آرہا)۔ 17 کا مفرد 8۔

14۔ درج ذیل حصار اکثر عملیات کی کتب میں موجود پایا جاتا ہے اور اسے بہت طاقتور حصار مانا گیا ہے۔ صاحب کنز الحسین اور ملازم حسین صاحب آف اسلام آباد نے اپنی کتابوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔ ملازم حسین صاحب نے اسے سب سے طاقتور حصار کہا ہے۔ اور ساتھ ہی اس کی ایک ہفتے کی آسان سی ریاضت کا طریق بھی دیا ہے۔ (یہ حصار کے ساتھ ساتھ سحر و آسیب کا بہت مؤثر علاج بھی ہے۔ اس کا عددی نقش میرے معمولات میں ہے) دورانِ تحریر اس کی طرف خیال گیا تو جب میں نے اس کے کل اعداد کا مجموعہ حاصل کر کے اُس کا مفرد عدد معلوم کیا تو مجھے انتہائی حیرت ہوئی۔ وہ اس لیے کہ اس کا مفرد عدد 8 بنا، ملاحظہ فرمائیں۔

نام سورہ/آیت	اعداد
آیۃ الکرسی	13671

Darulmaal Cinema, Lahore, Pakistan
ماہنامہ خزینۂ روحانیات
Whatsapp +92-322-4173780
darulmaal.org/magazines/khazina

الکافرون	3828
اخلاص	1002
الفلق	8675
الناس	5296
اٰمن الرسول تا آخر	19277
کل اعداد	51749
مرکب اعداد	53
مفرد عدد	8

نمبر شمار	آیت (سورۃ و آیت نمبر)	کل اعداد	مرکب اعداد	مفرد عدد
1	ایاك نعبد وایاك نستعین (الفاتحہ:۵)	836	17	8
2	قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ (البقرۃ:۳۲)	2006	26	8
3	يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ (البقرۃ:۱۶۵)	1493	17	8
4	فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (البقرۃ:۱۳۷)	800	80	8
5	اٰمن الرسول تا آخر سورہ (البقرۃ:۲۸۵-۲۸۶)	19277	17	8
6	وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا (النساء:۱۱۳)	3491	35	8
7	وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (النساء:۱۳۲)	251	26	8
8	فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ (الاعراف:۱۱۹)	2771	35	8

15۔ حرف ح اور عدد آٹھ: حرف 'ح' ابجد کا آٹھواں حرف ہے اور اس کے اعداد **8** ہیں۔ عجیب بات یہ کہ وہ اسماء الٰہی جو حرف 'ح' سے شروع ہوتے ہیں، اُن کی تعداد آٹھ ہے۔

1۔ حفیظ، **2**۔ حافظ، **3**۔ حسیب، **4**۔ حی، **5**۔ حق، **6**۔ حکیم، **7**۔ حلیم، **8**۔ حمید۔

16۔ انسان اور آٹھ حالتیں: انسان ہمیشہ **8** حالتوں میں رہتا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

1۔ غم، **2**۔ خوشی، **3**۔ ملاپ، **4**۔ جدائی، **5**۔ آسانی، **6**۔ تنگی، **7**۔ بیماری، **8**۔ عافیت۔

17۔ اب ہم قرآن مجید کی وہ معروف آیاتِ مبارکہ (مکمل یا کچھ حصہ) پیش کر رہے ہیں جو روحانی عملیات میں بہت مستعمل ہیں اور جن کا مفرد عدد آٹھ بنتا ہے مگر اس اعتراف کے ساتھ کہ ہم اس بارے بہت تحقیق نا کر سکے جس کا ہمیں افسوس ہے۔ اس لئے صرف چند آیاتِ مبارکہ ہی پیش کر رہے ہیں۔ ایک ارادہ ہے کہ قرآن مجید کی ہر ہر آیت کے اعداد نکال کر ان کا مفرد عدد معلوم کیا جائے لیکن یہ ایک بہت طویل اور دقت طلب کام ہے اور اس کے لئے عربی گرامر سے واقفیت بہت ضروری ہے۔ اس کے بغیر یہ کام پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا۔

Darulamal Chishtia, Lahore, Pakistan
darulamal.org/magazines/ruhani
Whatsapp 0322-4773786

9	اِنَّ اللّٰہَ سَیُبۡطِلُہٗ (یونس:۸۱)	233	26	8
10	اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ (یونس:۸۱)	701	71	8
11	لَہٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَیۡنِ یَدَیۡہِ وَمِنۡ خَلۡفِہٖ یَحۡفَظُوۡنَہٗ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰہِ (الرعد:۱۱)	3095	35	8
12	وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰہُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیۡرًا (بنی اسرائیل:۱۰۵)	2474	26	8
13	وَاضۡمُمۡ یَدَکَ اِلٰی جَنَاحِکَ تَخۡرُجۡ بَیۡضَآءَ مِنۡ غَیۡرِ سُوۡٓءٍ اٰیَۃً اُخۡرٰی (طٰہٰ:۲۲)	5255	53	8
14	وَاَلۡقَیۡتُ عَلَیۡکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیۡ ۬ۚ وَلِتُصۡنَعَ عَلٰی عَیۡنِیۡ (طٰہٰ:۳۹)	2123	26	8
15	اِنَّمَا صَنَعُوۡا کَیۡدُ سٰحِرٍ ؕ (طٰہٰ:۶۹)	611	62	8
16	وَلَا یُفۡلِحُ السّٰحِرُ حَیۡثُ اَتٰی (طٰہٰ:۶۹)	1394	17	8
17	قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ (الانبیاء:۶۹)	1241	17	8
18	وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ (الانبیاء:۱۰۷)	953	17	8
19	یُغۡنِیَہِمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ ؕ (النور:۳۳)	2186	26	8
20	اَنۡۢ بُوۡرِکَ مَنۡ فِی النَّارِ وَمَنۡ حَوۡلَہَا ؕ وَسُبۡحٰنَ اللّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ (النمل:۸)	1502	17	8
21	اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَۃٌ فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَ اَخَوَیۡکُمۡ وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ (الحجرات:۱۰)	3356	35	8
22	سَیُہۡزَمُ الۡجَمۡعُ وَیُوَلُّوۡنَ الدُّبُرَ (القمر:۴۵)	611	62	8
23	رَبُّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَرَبُّ الۡمَغۡرِبَیۡنِ (الرحمٰن:۱۷)	2474	26	8
24	وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا (طلاق:۲)	1664	17	8
25	سورۂ فلق (مکمل)	8675	17	8

ان تمام آیاتِ مبارکہ کے اعداد میری تحقیق کے مطابق ہیں۔

17۔عدد آٹھ قومِ جنات کے ہاں بھی ایک غیر معمولی عدد ہے۔اس کی ایک بڑی وجہ تو یہ نظر آتی ہے کہ خود لفظ جن کے اعداد کا مفرد عدد آٹھ بنتا ہے۔اس بارے مستحصلہ جفر سے ایک سوال حل کیا، مثال پیشِ خدمت ہے۔

یاعلیم! عدد آٹھ قومِ جنات کے ہاں کیسا عدد ہے؟

اساس	ا	و	ھ	ی	د
موخر صدر اول	د	ا	ی	و	ھ

(بقیہ ص 47)

Darulamal Ghoshtia, Lahore Pakistan
ماہنامہ خزینۂ روحانیات
darulamalorg/magazine/shumara
Whatsapp +92-322-4773786

جادو جنات کورس

جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیرپا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بداثرات سے نجات پائیں۔

یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے جن پر ایک عرصہ سے یہ بداثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروالیا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔

ذیل میں چند علامات درج کی جا رہی ہیں۔ یہ علامات سحر و جناتی متاثرہ معمولی اثرات کے مریض سے لے کر سخت سے سخت سحری و جناتی اثرات کے مریضوں میں پائی جاتی ہیں۔ معمولی اثرات میں ان کی شدت کم ہوتی ہے جب کہ سخت اثرات میں شدت زیادہ ہوتی ہے۔

جسمانی علامات

● پورے جسم یا کسی خاص حصے خاص کر سر، کندھے، کمر، ٹانگوں اور گردوں میں درد ہونا ● جسم کا کوئی خاص حصہ گرم رہنا ● جسم میں آگ کی تپش محسوس ہونا ● جسمانی رنگت کا تبدیل ہو جانا، خصوصاً چہرے کا رنگ سیاہ پڑ جائے ● ہر وقت بخار کی کیفیت رہنا ● کسی سبب کے بغیر سر درد ہونا یا کنپٹیوں پر بوجھ رہنا ● آنکھیں لال رہنا یا آنکھوں کا انگاروں کی طرح سرخ ہو جانا ● ناک اور منہ سے گرم ہوا یا خون نکلنا ● کندھوں پر بوجھ رہنا ● دل کی دھڑکن کا تیز یا کم ہو جانا ● گھبراہٹ محسوس کرنا ● سانس مشکل سے آنا اور سینے میں درد ہونا ● عورتوں کی ماہواری میں بے قاعدگی ● ہمبستری کے وقت عورت کا انتہائی گھٹن محسوس کرنا ● شوہر یا بیوی میں ہمبستری کی خواہش کا ختم ہو جانا وغیرہ

گھر کی علامات

● زمین، دیوار یا چیزوں پر خون، تیل، پانی، رنگدار پانی کے چھینٹیں آنا ● چیزوں کا اِدھر اُدھر ہونا (یعنی اپنی جگہ نہ ملنا بلکہ کہیں اور رکھے ہوئے ملنا) ● زہریلے جانوروں کا نکلنا مثلاً سانپ، بچھو، کنکھجورے وغیرہ ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر دال/ چاول/ انڈے وغیرہ پڑے ملنا ● تعویز/ سوئیاں/ بال/ دھاگہ/ مٹی/ ریت/ راکھ وغیرہ پڑے ملنا ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر جانور کا سر/ کچا گوشت/ ہڈیاں/ پتھر/ کنکر پڑے ملنا ● الماری/ بند بکس میں، باہر رکھے ہوئے یا پہنے ہوئے کپڑوں کا کٹنا ● چارپائی، بستر، دروازوں، کھڑکیوں، برتنوں وغیرہ کا ہلنا یا کھڑکنا ● چھت پر چلنے یا دوڑنے کی آوازیں آنا (خصوصاً رات کو) ● بتی (لائٹ) کا خود بخود جلنا بجھنا ● گھر میں کسی کے چلنے پھرنے کی آوازیں آنا۔

اگر درج بالا حالات کسی کے ساتھ ہوں تو یہ کورس ایسے ہی فرد کے لیے پیغامِ شفاء ہے۔ اس کورس میں روحانی دکان کی بہت سی مجرب تیار شدہ اشیاء کو بھی شامل کیا گیا ہے جس سے اس کورس کی افادیت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کورس میں روحانی اگربتی، روحانی آبِ شفاء، روحانی پھکی، روحانی عرق گلاب، روحانی شہد، روحانی تیل، روحانی نمک، روحانی چینی، روحانی صابن اور بہت سی چیزیں بھی اس میں مریض کو استعمال کروائی جاتی ہیں۔

اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن/ جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے ادارے کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔

ہدیہ فی کورس (40 یوم)

ابتدائی (4500) درمیانہ (6500) انتہائی (8500)

ہدیہ فی کورس (21 یوم)

ابتدائی (2300) درمیانہ (3300) انتہائی (4300)

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

قسط:2

علم الجفر کے شائقین کی نظر تلخ و شیریں حقائق

تحقیق و تحریر: اظہر عنایت شاہ

ایک اور فرق: اب ایک اور فرق کو سمجھئے وہ یہ کہ غیر ناطق قواعد کا ابتدائی حصہ بہت آسان ہوتا ہے، لیکن حصہ دوم بہت مُشکل ہوتا ہے، جس میں بعض اوقات اچھے اچھے مشاق جفار بھی غلطی کر لیتے ہیں۔

جوابات کا غلط ہونا، پیش گوئیوں کا غلط ہو جانا انہی غیر ناطق قواعد میں ہی ہوتا ہے جس کی مثالیں کتب اور رسائل میں بکھری پڑی ہیں۔ کیونکہ غیر ناطق قواعد میں جواب ناطق کرتے وقت کثرتِ جواب، متضاد جواب اور بعض اوقات عدم جواب جیسی مشکل صورتحال سے گزرنا پڑتا ہے جس میں بعض اوقات بڑے بڑے ہاتھی بھی پھسل جاتے ہیں۔

بعض اوقات جواب بالکل آسانی کے ساتھ استخراج ہو جاتا ہے اور بعض اوقات لاکھ دماغ سوزی کے بھی جواب ناطق نہیں ہو پاتا، یہ صورتحال ہر جفار کو پیش آتی ہے۔

عالم روحانیات عالم جفار مرزا محمود شفق علی رام پوری رحمہ اللہ اس صورتحال کے بارے میں لکھتے ہیں لیکن میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ کیا راز ہے کہ کسی وقت ان قواعد میں سے کسی ایک قاعدے سے فصیح و بلیغ اور صاف جواب برآمد ہوتا ہے اور بعض اوقات اسی قاعدے سے باوجود محنت و دماغ پاشی کے جواب برآمد نہیں ہوتا، میں تو اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ان علوم کا سلسلہ مرکز علم غیب اضافی سے ملا ہوا ہے۔ جب خدا کی عنایت شامل حال ہوتی ہے تو جواب صاف برآمد ہو جاتا ہے اور جب منظور خدا نہیں ہوتا تو سامنے کا حرف نگاہوں سے ایسا پوشیدہ ہو جاتا ہے کہ نظر ہی نہیں آتا، مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ جفر کے قاعدے سے سوال کا جواب نکال رہا تھا، میرے ایک دوست جو تاریخ کہنے میں بہت مشاق تھا، اتفاق سے تشریف لائے۔ میں ایک حرف کے لئے اس قدر پریشان تھا کہ بڑی دیر سوچتے سوچتے ہو گئی تھی مگر وہ جملہ اس حرف کے بغیر نہیں بنتا تھا اور وہ حرف اس عبارت میں نہ تھا، جب مجھے بہت ہی سراسیمہ دیکھا تو کہا کہ بات کیا ہے۔

میں نے کہا کہ ان حروف سے فلاں حرف پیدا کرنا چاہتا ہوں مگر پیدا نہیں ہوتا اور میں کئی گھنٹہ سے پریشان ہوں، انہوں نے فوراً جواب دیا کہ وہ حرف تو یہ ہے، اب جو میں نے دیکھا تو واقعی وہ حرف موجود تھا۔

میں نے اپنی بد دماغی اور مہمل طبیعت پر ہزار ہزار نفرتیں کیں، مگر یہ کچھ قدرتی راز ہے بعض وقت حرف سامنے رکھا ہوتا ہے اور قدرتی پردے آنکھوں پر پڑ جاتے ہیں اور سامنے کا حرف نظر نہیں آتا۔ کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ میں کسی سوال کا جواب حاصل کرنے کے لئے اپنی کوشش ختم کر دیتا ہوں اور جواب حاصل نہیں ہوتا اور میں عاجز ہو کر اس کو ڈال دیتا ہوں۔ مگر دوسرے وقت جب اس مسودہ پر ڈالتا ہوں تو جواب سامنے رکھا ہوتا ہے اور ایک اشارے میں حل ہو جاتا ہے۔

میں یہ واقعات اس واسطے بیان کر رہا ہوں کہ آپ کو بھی ان ہی مرحلوں سے گزرنا ہو گا اور بعض اوقات آپ پریشان ہو جایا کریں گے اور بعض اوقات اس آسانی سے جواب نکل آیا کرے گا کہ آپ حیران ہو جائیں گے۔

جب بالکل آسانی سے جواب نکل آیا کرے گا کہ آپ حیران ہو جائیں گے، تو یہ قیاس نہ کر لیں کہ ہمیشہ اسی طرح آسانی سے جواب نکل آئے گا (چاہے قاعدہ وہی ہو) اور بعض اوقات آپ دِق اور پریشان خاطر ہو جائیں گے اور جواب برآمد نہ ہو گا۔ یہ سب رحمت غیبی اور وقت پر موقوف ہے۔

(ارواح الجفر حصہ دوم صفحہ ۵۷، ۵۸ ناشر مکتبہ آئینہ قسمت لاہور)

اس کے برعکس خود ناطق قواعد کا ابتدائی حصہ بالخصوص حرف مُستحصلہ کا حصول انتہائی مُشکل، دقیق اور پیچیدہ ہوتا ہے جسے دوسرے لفظوں میں کوہِ

مختلف مقاصد کیلئے مختلف الواح کی تفصیل goo.gl/N5BAsz

ہمالیہ سر کرنا آپ کہہ سکتے ہیں (بقول علمائے جفر)۔ اور خود ناطق قواعد میں بعض قواعد ایسے بھی ہیں جن کے حل کرنے پر آٹھ، دس گھنٹے لگ جاتے ہیں (علمائے جفر کے بقول) جیسا کہا اُستاذ الجفارین بابر سلطان قادری مرحوم اپنی کتاب تجلیات جفر کا قاعدہ مصحف فاطمہ کے بارے میں لکھتے ہیں ''کہ میں گزارش کروں گا اپنے احباب سے کہ مجھے اس قاعدہ کو بار بار حل کرنے کی زحمت نہ دی جائے کیونکہ یہ بہت طویل اور ذہن کو مصروف رکھنے والا قاعدہ ہے۔''

خود ناطق قواعد کے حصول کا شوق، طلب و آرزو ہر جفار کو ہوتا ہے۔ اکثر احباب کی نظر انتخاب کتاب تجلیات جفر کے خود ناطق قواعد الجفر الاحمر ص ۵۳، رموز تکسیر ص ۱۷۴، بدوح یلن روح القدس ص ۲۴۱ اور آخر میں مصحف فاطمہ، پر پڑتی ہے۔ لیکن ان قواعد کو شاید اب تک کوئی صاحب حل کر پایا ہو (یہ میرا گمان ہے باقی اللہ ہی بہتر جانتا ہے)۔ کیونکہ ان قواعد کی مکمل تشریح ہی نہیں دی گئی، جس کا اعتراف صاحب کتاب، کتاب کے شروع میں خود کرتے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ منتہی جفار ان کے لئے اس میں ایسے قواعد دئے گئے ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں مگر ہم نے ایسے قواعد تصریح اور چیستان کے مابین بیان کئے ہیں۔

اسی کتاب کے آخری قاعدے جفر مصحف فاطمہ کے حل کرنے میں محترم محقق غلام الرسول میمن عائلی نقشبندی صاحب مرحوم جیسا روشن دماغ، روشن ضمیر، خداداد صلاحیتوں سے مالا مال شخصیت بھی رُوداد شبِ غم میں اپنی بے بسی ظاہر کرتے ہوئے نظر آتے ہیں لکھتے ہیں کہ ''جب ہم تجلیات جفر سے مصحف فاطمہ باوجود تمام تر کوششوں کے سمجھ نہیں سکے (میرے خیال میں یہی کہنا چاہئے شاید کہ اپنی کم عقلی کے باعث) اور نہ ہی یہ پتہ چلا کہ آخر اس مُستحصلہ کا نام مصحف فاطمہ ہی کیوں تجویز کیا گیا۔'' حالانکہ یہ وہ شخصیت ہیں کہ جفری مُستحصلات کو سب سے پہلے کمپیوٹرائز کرنے کا اعزاز انہی کو حاصل ہے۔

اسی طرح بابر سلطان قادری مرحوم کے ایک شاگرد جن کا تعلق فیصل آباد شہر سے ہے نام لینا مناسب نہیں، جن کے بقول وہ کئی سال (غالباً پندرہ سال سے زائد عرصہ بتایا جواب مجھے صحیح یاد نہیں) بابر سلطان قادری مرحوم کی صحبت میں رہے۔ اُن صاحب سے اس عاجز کی مندرجہ بالا قواعد کی بابت بات ہوئی تو اُن صاحب نے معذرت کی (یعنی نا سمجھنے کا اظہار کیا)۔

اسی طرح حکیم سرفراز احمد زاہد مرحوم سے قاعدہ بدوح یلن رُوح القدس کی بابت بات ہوئی حکیم صاحب مرحوم کا جواب کچھ یوں تھا'' قاعدہ بدوح یلن رُوح القدس علم جفر کی جان ہے اور اٹھائیس اباجد سے حل ہوتا ہے جن کی صفحات کی تعداد تقریباً ۵۰۰ ہے، یہ اُن کے بوٹ جن کے پاس ہوگی آپ اُن سے رابطہ کریں۔''

حکیم صاحب کا بابر سلطان قادری مرحوم کا شاگرد ہونا ایک مُسلم حقیقت ہے، سب جانتے ہیں اپنی کتاب انکشافاتِ جفر میں اُس کا برملا اظہار کیا ہے اور بابر سلطان قادری مرحوم نے بھی ان کو اپنے قدیمی شاگردوں میں سے کہا ہے۔

تو جب بابر سلطان مرحوم کے قدیمی و خاص شاگرد بھی اس قاعدہ بدوح یلن رُوح القدس کو حل کرنے سے قاصر رہے تو اوروں کا کیا پوچھنا۔

اسی طرح ایک اور صاحب جن کا شُمار مُلک پاکستان کے پرانے جفاروں میں ہوتا ہے اُن صاحب کے بابر سلطان مرحوم کے ساتھ اچھے مراسم تھے، اُن صاحب نے مجھے یہ بات خود بتائی کہ میں نے قاعدہ رُوح القدس کی بابت بابر سلطان مرحوم سے بات کی، تو انہوں نے بات گول کی اور واضح جواب نہیں دیا۔

اسی طرح ایک اور جفار جن کے ساتھ میرا رابطہ رہتا ہے، وہ بھی پرانے جفاروں میں سے ہیں، اُن صاحب نے تو اِس قاعدہ رُوح القدس کی بارے کچھ اور ہی بات بتائی جو میں یہاں لکھنا مناسب نہیں سمجھتا۔

بحر حال ہوسکتا ہے کہ کسی اللہ کے بندے نے مندرجہ بالا قواعد میں سے کسی قاعدے کو حل کیا ہو تو اُن سے معذرت و معافی چاہتا ہوں

مجھے جو معلومات ہوئی تھی وہ میں نے عرض کر دیں، باقی حقیقت کیا ہے اللہ علیم خبیر ہی بہتر جانے۔ (جاری ہے)

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

عملِ حُب

حضرت صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ ”فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ۔“ تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔ اور دوسری جگہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ ”وللہ الاسماء الحسنیٰ فاعدہ بھا۔“ مجھے اپنی ضرورتوں اور حاجتوں کے لیے اسمائے حسنیٰ کے ذریعے پکارو۔

اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہر اسم رَبّ ہے اور تمام اسمائے الٰہیہ ارباب ہیں۔ اور ہر اسم کی خاصیت اور حقیقت دوسرے اسم کی خاصیت اور حقیقت سے جدا ہے۔ ایک ماہر علم الحروف الجفر اس بات سے واقف ہوتا ہے کہ کون سے اسم باری تعالیٰ سے کس طرح دُعا میں رجوع کیا جائے۔ دُعاؤں میں رب تعالیٰ کے اسم خاص سے دُعا کی جاتی ہے تو وہ قبول ہوتی ہے۔

مثلاً طلبِ رحمت کے لیے ”الرحمن الرحیم“

طلبِ مغفرت کے لیے ”یاغفار“

طلبِ رزق کے لیے ”یارزاق یاباسط“

اور طلبِ عطایا کے لیے ”المعطی“ سے سوال کیا جائے۔

اس کائناتِ بحر بے کراں میں ہر چیز ایک خاص اصول، ضابطہ اور قانون کے تحت جانبِ منزل رواں دواں ہے۔ سورج روزانہ مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔ دریا ایک خاص سمت میں بہتے ہیں۔ ہزاروں لاکھوں امثال ہیں۔ اسی طرح دُعا مانگنے کا بھی ایک قانون ہے۔ اگر اس قانون کی خلاف ورزی کی جائے تو دُعا قبول نہیں ہوتی۔ حروف، الفاظ، اسماء الحسنیٰ کی روحانیت سے دنیاوی مسائل کے حل کے لیے کوشش کرنے کا نام تدبیر ہے۔ تدبیر کے قوانین علم الجفر سے معلوم ہوتے ہیں۔ علم الجفر آئمہ معصومین کا پاکیزہ علم ہی ہمیں بتاتا ہے کہ کس مقصد اور مشکل کے حل کے لیے اللہ تعالیٰ کے کس اسم مبارک سے کس طرح تدبیر کی جائے کہ وہ مقصد اور مشکل حل ہو جائے۔ علم الجفر ہی وہ قانون ہے جس کے تحت زندگی کے مسائل حل کئے جا سکتے ہیں۔ صرف غلط ترکیب اور ترتیب سے ہی عمل ناقص ہوتا ہے۔ یہاں ہم اسم باری تعالیٰ الودود کا ایک زبردست عمل کسی فرد کے دِل میں اپنی محبت پیدا کرنے کا پیش کر رہے ہیں۔ ہر کس و ناکس عمل حب میں کامیاب نہیں ہوتا۔ اس کے لیے اہل کی ضرورت ہے مگر یہ عمل کبھی بے اثر نہیں ہوتا۔ بشرطیکہ جائز جگہ پر کیا جائے۔

مثلاً بہن بھائیوں میں محبت پیدا کرنے کے لیے۔

میاں بیوی میں ایک دوسرے کی محبت پیدا کرنے کے لیے۔

کسی عزیز رشتہ دار کے دِل میں محبت پیدا کرنے کے لیے۔

غرض یہ کہ دنیا میں کسی بھی فرد کے دِل میں اپنی محبت پیدا کر سکتے ہیں تاکہ وہ آپ کے حکم سے سرتابی نہ کر سکے۔ اور آپ کی ہر جائز بات پوری کرے۔

ترکیب عمل

کچھ یوں ہے کہ پہلے نام طالب معہ والدہ پھر ودود پھر نام مطلوب مع والدہ ایک سطر میں تحریر کریں۔ تمام سطر کی بسط حرفی کر کے تکسیر جعفری کریں تاکہ زمام برآمد ہو۔ اب تمام تکسیر (سطر زمام) تک کے اعداد ابجد شمسی سے نکالیں۔ اعداد کے مجموعہ سے ایک مربع بادی رفتار سے پر کریں۔ پھر اسی مجموعہ اعداد سے ایک مثلث آتشی منسوبی پر کریں۔ ہر دو نقوش شمس، زہرہ یا مشتری کے روز انہی ساعتوں میں پر کریں۔ نقوش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب کی روشنائی سے تحریر کریں۔ نقش مربع اپنے سیدھے بازو پر باندھیں اور نقش مثلث کسی کوزہ گلی آب نارسیدہ میں رکھ کر تھوڑی سی شکر سرخ ڈال کر آگ کے قریب دفن کر دیں۔ تاکہ نقش کو حرارت پہنچے مگر جلے نہیں۔ اَب روزانہ اسم الاعظم الودود ایک ہزار چھ سو سولہ (1616) بار پڑھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف و دودی پڑھیں۔ مگر ہر سینکڑہ کے بعد چودہ مرتبہ عزیمت مندرجہ ذیل بھی پڑھیں۔ تعداد مکمل ہونے پر بازو والے نقش پر پھونک ماریں۔ اسی طرح زیر آتش نقش کی طرف بھی دم کر دیا کریں۔ ایک یوم کا عمل مکمل ہوا، روزانہ بلاناغہ چودہ یوم تک عمل پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اول تو ایک ہفتہ میں مقصد پورا ہوگا۔ حد دوسرے ہفتہ میں مقصد

پورا ہوگا۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جو صرف ایک ہفتہ میں مطلوب کے دِل میں طالب کی محبت کی آگ لگا دیتا ہے۔

واضح رہے کہ یہ شمسی طریقہ ہے۔ ماہرین فن جانتے ہیں کہ قمری طریقہ سے شمسی طریقہ قوی الاثر ہے۔ ناجائز جگہ استعمال کرنے کی صورت میں اس عمل کی رجعت بھی فوری ہوتی ہے۔ درود پاک ودودی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ یَاوَدُوْدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اِنَّکَ رَحِیْمٌ وَدُوْدٌ۔"

ایک مثال سے سمجھا دیتے ہیں تا کہ ہر قاری استفادہ کر سکے۔ مثلاً منظور علی چاہتا ہے اس کی بیوی کوثر اس سے بے حد محبت کرے۔ تو سطر یہ بنی۔

"منظور علی ودود کوثر" بسط حرفی کر کے تکسیر یہ ہوئی۔

سطر اول۔ م ن ظ و ر ع ل ی و د و د ک و ث ر

ر م ث ن و ظ ک و د ر و ع د ل و ی

ی ر و م ل ث د ن ع و و ظ ر ک د و

و ی د ر ک و ر م ظ ل و ث و د ع ن

ز م ا م۔ ن و ع ی د و و ر ث ک و و ل ر ظ م

میزان۔ م ن ظ و ر ع ل ی و د و د ک و ث ر

سطر اول کے اعداد شمسی۔ ۶۶۱۰۔ کل تکسیر کے اعداد سطر زمام تک۔ ۳۳۰۵۰۱۰=۵x۶۶۔ مربع پر کرنے کے لیے۔

۳۳۰۵۰-۳۰=۳۳۰۲۰ تقسیم ۴=۸۲۵۵۔ مثلث پر کرنے کے لیے۔ ۳۳۰۵۰-۱۲=۳۳۰۳۸ تقسیم ۳=۱۱۰۱۲ باقی ۲ خانہ چہارم میں کسر آئے گی۔

مربع کی بادی رفتار یہ ہے

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

مثلث آتشی کی رفتار یہ ہے

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

عزیمت جو ہر دو نقوش کے نیچے تحریر کرنی ہے۔ وہ یہ ہے۔

اَجِیْبُوْا یَاخُدَّامُ الْاِسْمِ اَعْظَمْ اَلْوَدُوْدُ یَادَرْدَائِیْلُ یَارَفْتَمَائِیْلُ سَخِّرْلِیْ کوثر وَاَلْقَاءِ مُحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِہَا منظور علی بِحَقِّ اَلْوَدُوْدُ اَلْوَدُوْدُ اَلْوَدُوْدُ۔

مثالی نقش مربع بادی یہ ہوا

☆	☆	۷۸۶	۷۸۶	☆
دردائیل	۸۶۶۸	۸۲۵۵	۸۲۶۲	۸۲۶۵ رفتمائیل
☆	۸۲۶۱	۸۲۶۶	۸۲۶۷	۸۲۶۵ ☆
☆	۸۲۶۳	۸۲۶۰	۸۲۵۷	۸۲۷۰ ☆
دردائیل	۸۲۵۸	۸۲۶۹	۸۲۶۴	۸۲۵۹ رفتمائیل

اَجِیْبُوْا یَاخُدَّامُ الْاِسْمِ اَعْظَمْ اَلْوَدُوْدُ یَادَرْدَائِیْلُ یَارَفْتَمَائِیْلُ سَخِّرْلِیْ کوثر وَاَلْقَاءِ مُحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِہَا منظور علی بِحَقِّ اَلْوَدُوْدُ اَلْوَدُوْدُ اَلْوَدُوْدُ۔

مثالی نقش مثلث آتشی یہ ہوا۔

		۷۸۶		
دردائیل	۱۱۰۱۸	۱۱۰۱۲	۱۱۰۲۰	رفتمائیل
	۱۱۰۱۹	۱۱۰۱۷	۱۱۰۱۴	
دردائیل	۱۱۰۱۳	۱۱۰۲۱	۱۱۰۱۶	رفتمائیل

اَجِیْبُوْا یَاخُدَّامُ الْاِسْمِ اَعْظَمْ اَلْوَدُوْدُ یَادَرْدَائِیْلُ یَارَفْتَمَائِیْلُ سَخِّرْلِیْ کوثر وَاَلْقَاءِ مُحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِہَا منظور علی بِحَقِّ اَلْوَدُوْدُ اَلْوَدُوْدُ اَلْوَدُوْدُ۔

Darul Kutab Lahore Pakistan
Darul Kutab Lahore Pakistan
Darulamal Christian Lahore
Whatsapp +92322-4773786
darulamal.org/magazines/rabani

بقیہ (ص 5): اسلام میں مساجد کی اہمیت

اراضی پر مسجد تعمیر کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے حکومت سے اجازت لینا ضروری ہے کیونکہ سرکاری زمین پر حکومت کی اجازت کے بغیر مسجد بنانے سے زمین سرکار کی ملکیت میں ہی رہے گی اور سرکار کو اس میں تصرف کرنے اور اسے گرانے کا اختیار باقی رہے گا۔ ایسا کرنے سے بعد میں تنازعات پیدا ہوتے ہیں اور بسا اوقات سرکار کی طرف سے ناجائز قبضہ ہٹانے کے لیے توڑ پھوڑ کی جاتی ہے جس سے اشتعال جنم لیتا ہے۔ ماضی قریب میں اس کی مثال بھی موجود ہے۔ چند دن پہلے اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر تجاوزات گرانے کے نام پر وفاقی ترقیاتی ادارے سی ڈی اے کی سربراہی میں ضلعی انتظامیہ، وفاقی پولیس اور انفورسمنٹ نے 23 سالہ پرانی توحید مسجد کو جزوی طور پر شہید کر دیا۔ مسجد شہید کرنے کی وجہ وہی بنی جو اوپر بیان کی جا چکی ہے، ویسے اگر دیکھا جائے تو سرکار کی 22 سالہ پراسرار خاموشی حیران کن ہے۔ اسی طرح کا مسئلہ کراچی میں درپیش ہوا تو اہل کراچی نے مفتیانِ کرام سے رجوع کیا اور ایک سوال ان کے سامنے رکھا۔ سوال: کراچی میں حالیہ جو آپریشن چل رہا ہے، اس میں بہت سی مارکیٹوں میں مساجد بھی ہیں تو مساجد کا گرانا جائز ہے کیا جبکہ یہ زمین حکومت کی ہو؟ تفصیل کے ساتھ اس مسئلے کی وضاحت مطلوب ہے! مفتیانِ کرام نے بڑی وضاحت کے ساتھ اس کا جواب دیا جو مندرجہ ذیل درج کیا گیا ہے۔ جواب: اگر کسی علاقے میں مسجد کی ضرورت ہو اور اہل علاقہ کسی خالی سرکاری زمین پر مسجد تعمیر کریں اور اس میں کئی سال تک باقاعدہ پنج وقتہ نمازیں و جمعہ ادا کی جاتی رہیں اور اتنے سالوں تک حکومت کی طرف سے ان مساجد کے قیام و تعمیر پر کوئی اعتراض بھی نہ کیا گیا تو ایسی تمام مساجد مسجد شرعی کا حکم رکھتی ہیں اور وہ مقامات تا قیامت مسجد کے حکم میں ہیں، ان کو گرانا یا ان کی جگہوں پر مسجد کے علاوہ کوئی اور عمارت بنانا شرعاً جائز نہیں۔ قارئین موضوع کو سمیٹتے ہوئے مساجد کی تعلیمی، سماجی و اقتصادی اور سیاسی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے سب سے پہلے تعلیمی اہمیت بیان کرتا ہوں۔ مسلم معاشرہ کے قیام کیلئے اشاعت علم کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور بلاشبہ مسلمانوں کی تاریخ میں یہ کردار مساجد نے نہایت بہتر طریقے سے ادا کیا۔ دور نبوی کی پہلی مسجد، مسجد نبوی تھی اور یہی مسجد ملت اسلامیہ کا اولین مرکز قرار پائی۔ دیگر گوناگوں خصائص کے علاوہ اس مسجد کو اعلیٰ ترین درسگاہ بلکہ اس دور کی یونیورسٹی ہونے کا فخر بھی حاصل تھا۔ جہاں شب و روز صحابہ کرام علیہم الرضوان معلم انسانیت ﷺ سے تعلیم و تربیت حاصل کرتے اور اسی مسجد میں حلقہ ہائے درس منعقد ہوتے اور تشنگانِ علم دور دراز سے آ کر ان علمی سرچشموں سے پیاس بجھاتے۔ سماجی و اقتصادی حوالے سے مساجد کا کردار اہمیت کا حامل ہے۔ ایک کامیاب معاشرے کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کے افراد ایک دوسرے کے ہمدرد و غمگسار ہوں۔ ایک کا دکھ سب کا دکھ اور ایک کی خوشی سب کی خوشی ہو۔ قرآن کریم میں بھی قریبوں، پڑوسیوں اور اہل محلہ وغیرہ سے حسن سلوک کا حکم اکثر مقامات پر ہے لیکن اس حکم پر عمل پیرا ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اہل محلہ ایک دوسرے کے حالات سے واقف ہوں اور معاشرے میں یہ کردار بھی جس خوبی اور شاندار طریقے سے مسجد ادا کرتی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ ایک محلہ یا ایک گاؤں کے مسلمان دن میں پانچ مرتبہ مسجد میں جمع ہوتے ہیں۔ پھر ہر جمعہ کے روز بڑے پیمانے پر ایک اجتماع عام ہوتا ہے۔ جس کے باعث لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب ہونے اور ایک دوسرے کے حالات جاننے کا موقع ملتا ہے اور بالآخر یہ چیز ایک دوسرے کی ہمدردی، ایک دوسرے کا دکھ درد بانٹنے اور باہمی مسائل کے حل کیلئے مدد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ اور اس طرح معاشرہ ترویج و ترقی کی راہ پر گامزن ہو جاتا ہے۔ سیاسی نقطہ نگاہ سے بھی مسجد کو نمایاں اور منفرد حیثیت حاصل ہے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں مسلمان مساجد میں صرف نماز کے لئے ہی اکٹھے نہیں ہوتے تھے بلکہ ان کے تمام اجتماعی، معاشرتی اور سیاسی مسائل کے حل کے لیے صلاح و مشورہ اور فیصلے وغیرہ بھی مساجد ہی میں ہوتے تھے۔ ہر نماز کے بعد مجلسِ شوریٰ منعقد ہوتی جس میں مختلف مسائل زیرِ بحث آتے اور ان کے فوری تدارک کے لئے تجاویز اور پروگرام منعقد کئے جاتے تھے (گویا کہ یہ اس دور کی اسمبلی بھی تھی)۔ اسی طرح باہر سے جو وفود اور سفراء وغیرہ آتے ان سے ملاقات و مذاکرات بھی مسجد ہی میں ہوتے اور اگر کہیں لشکر کشی کا ارادہ ہوتا تو اس کے لئے بھی تجاویز مسجد ہی میں پاس کی جاتی تھیں۔ دور نبوی اور اس کے بعد خلافتِ راشدہ کے زمانہ میں مسجد کو عدالت کی حیثیت حاصل رہی۔ مقدمات یہیں سنے جاتے اور مجرموں کی سزائیں وغیرہ بھی یہیں تجویز ہوتیں۔ حد البتہ مسجد سے باہر لگائی جاتی تھی۔ مندرجہ بالا توضیحات سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ مسجد کو دینی، تعلیمی، معاشرتی اور سماجی اہمیت کے علاوہ سیاسی لحاظ سے بھی بہت زیادہ اہمیت حاصل تھی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ دین اسلام کی بنیاد ہی مسجد پر رکھی گئی ہے۔ مساجد ہمارا دینی شعار ہے اور کسی قوم کی زندگی اس کے شعار سے ہی وابستہ ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر آج ہماری مسجدیں آباد اور پررونق ہیں تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ ہم میں غیرتِ اسلامی اور حمیت دینی موجود ہے ورنہ مفقود!

تعویذ خیر و برکت کی تفصیل goo.gl/6hsXr7

روحانی دفاع کورس کر کے اپنا، اہل وعیال اور مریضوں کا روحانی دفاع کریں

تعارف اس کورس میں مختلف اعمال کے چلے کروائے جاتے ہیں تا کہ عامل کا بنیادی روحانی دفاع مضبوط کیا جا سکے، جس کی ضرورت جنات اور جادو کے علاج میں ہر عامل کو پڑتی ہے۔ یہ کورس ان مریضوں کے لئے بھی مفید ہے جو چاہتے ہیں کہ جادو اور جنات سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائیں اور بار بار جادو یا جنات کے اثرات میں مبتلا نہ ہوں۔ سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط روحانی دفاع کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس کا ہدیہ: 5000 روپے

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جا سکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ماہر کورس کا ہدیہ: 10000 روپے

کورس کے فائدے اس کورس کو کرنے کے بعد آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

٭.....اپنا، اہل وعیال کا روحانی دفاع کرنا	٭.....روحانی مریضوں کا روحانی دفاع کرنا	٭.....اپنے گھر اور کسی بھی جگہ کا حصار کرنا
٭.....مریض کے گھر جا کر حصار کرنا	٭.....مریض کے گھر سے جادو اور جنات کو اور ان کے اثرات کو نکالنا	

علم الدفاع کورس کرنے والے کے اردگرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو، جہاں پر جادو جنات وشاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے اور بڑے بڑے علاج میں بھی بآسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

کورس کے درجے **۱ ابتدائی** عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کورس کے چلے صحیح طرح مکمل کرنے کے بعد عامل اپنا، اپنے اہل وعیال کا اور اپنے روحانی مریضوں کا دفاع کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ ابتدائی کورس کی وجہ سے دور کے روحانی مریضوں کا دفاع اتنا مضبوط نہیں ہوتا یعنی عامل اپنے گھر بیٹھے حصار لگائے اور روحانی مریض دور ہو تو بہت زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔ البتہ ایک ہی شہر میں ہوں تو حصار اچھا لگ جاتا ہے۔

۲ ماہر صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔ اس کورس کے چلے صحیح طرح مکمل کرنے کے بعد عامل کے حصارات بہت طاقتور ہو جاتے ہیں اور وہ دور کے مریضوں کا مضبوط حصار لگانے کے بھی قابل ہو جاتا ہے۔ غیبی مخلوق حصار کرنے پر پہرا دیتی ہے۔

خاص اجازت (کم وقت میں کورس مکمل کرنا) جن لوگوں کے پاس وقت کم ہے، ان لوگوں کو خاص اجازت دی جاتی ہے اور مختصر وقت میں چلہ کشی کروا کر ابتدائی اور ماہر درجوں کی تکمیل کروائی جاتی ہے۔ ھدیہ عام سے دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانا جو عامل چاہتے ہیں کہ کورس مکمل کر کے آگے سکھائیں، وہ تفصیل کے لیے روحانی درسگاہ رابطہ کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

تعویذ حفظ وجان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

بقیہ (ص 54) : معمولی تکلیف کو معمولی نہ سمجھیں

چاہیے۔ سانس کی بیماریاں بہت ہی خطرناک اور موذی ہوتی ہیں۔ اسی طرح بے خوابی کو کبھی معمولی نہ سمجھیں، اگر آپ کی آنکھ رات کو نیند میں کئی بار کھل جاتی ہے یا نیند یا سوتے وقت آپ بے چینی محسوس کرتے ہیں تو اس کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ چونکہ یہ چیز گردوں کی خرابی، الرجی اور دیگر بہت ساری بیماریوں کو ظاہر کرتی ہے۔ پیٹ کے بڑھنے کو معمولی نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ بے شمار بیماریوں کا اعلان ہے۔ جلدی تھک جانے کا مسئلہ بھی عام نوعیت کا نہیں ہے، اس کو بھی معمولی نہیں خیال کرنا چاہیے۔ کام کرنے کے بعد تھکنا اور ہر وقت تھکاوٹ محسوس کرنا، اس میں بہت بڑا فرق ہے۔ اگر آپ سونے کے بعد رات کو سو کر صبح اٹھنے کے بعد بھی اپنے آپ کو فریش محسوس نہیں کر رہے ہیں۔ تھکے تھکے اور بوجھل ہیں تو یہ تھکاوٹ اور بوجھل پن آپ کے جسم میں تیزابی مادوں کی کثرت اور بہت ساری بیماریوں کا اظہار کر رہا ہوتا ہے۔ گرمی یا سردی زیادہ لگنا، اسی طرح گرمی یا سردی نہ لگنا یہ دونوں چیزیں بہت ساری بیماریوں کی علامات ہیں۔ اسی طرح پسینہ بہت زیادہ آنا یا پسینہ بالکل ہی نہ آنا بھی بیماری کے سبب سے ہوتا ہے۔ جب سب چیزیں اعتدال پر ہیں تو آپ ٹھیک ہیں بصورت دیگر آپ کو اپنی طرف توجہ دینے کی سخت ضرورت ہے۔

بقیہ (ص 39) : کیا عدد آٹھ نحس ہے؟

موخر صدر دوم	ھ	د	و	ا	ی
موخر صدر سوم	ی	ھ	ا	د	و
موخر صدر چہارم	و	ی	د	ھ	ا
ناطق	خ	ا	ص	ھ	ی
جواب	خاص				

اھم نوٹ: میں عدد آٹھ کے منفی پہلو کا انکاری نہیں۔ جیسا کہ پہلی قسط میں عرض کر چکا ہوں۔ لیکن منفی پہلو میں اعتدال کا پیمانہ کس قدر رکھا گیا، اس کا فیصلہ میرا یہ تین اقساط پر مشتمل مضمون پڑھ کر اہل علم، اہل تحقیق و اہل فکر حضرات پر چھوڑتا ہوں۔ اور عدد آٹھ کے مثبت پہلو پر مزید دعوتِ فکر دیتا ہوں۔

بقیہ (ص 6) : درس قرآن

سے لوگ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ فرعون اور اس کے حواری بھی خطرے کو بھانپ گئے۔ اس بیان سے فتنازعوا امرھم بینھم ان کے درمیان جھگڑا کھڑا ہو گیا۔ کسی نے کہا مقابلہ کرنا چاہیے تو کسی نے کہا کہ نہیں کرنا چاہیے، کسی نے کہا کہ ہم جیت جائیں گے کہ ہمارے پاس جادوگروں کی اکثریت ہے اور موسیٰ علیہ السلام اکیلے ہیں تو کسی نے کہا کہ نہیں ہم کبھی بھی نہیں جیت سکتے لہٰذا مقابلے سے دستبردار ہونا چاہتے۔ جادوگر بھی دل برداشتہ ہو گئے لیکن پھر فرعون نے سب کو کہا کہ اپنے دشمن کو پہنچانو۔ اپنے مخالف کا مقابلہ کرو۔ حوصلے پست نہ کرو، اس کے جذباتی بیان سے سب برانگیختہ ہو گئے۔ جادوگروں کا مقابلہ شروع ہو گیا۔ ان کے جادوئی وار سے حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی خوف زدہ ہو گئے۔ تو اللہ نے فرمایا اے موسیٰ! لاتخف انک انت الاعلیٰ، خوف نہ کھایئے آپ ہی اونچے اور غالب رہیں گے۔ یہ جہاں سے بھی آئے ہیں ہار ان ہی کا مقدر ہے۔

بقیہ (ص 7) : حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

بیٹا حسینؓ میری یعنی میں محمد ﷺ کی جرأت و بہادری اور سخاوت کا وارث ہے۔ آپؓ کے بارے میں حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک اندھیری رات یہ اپنے نانا جی ﷺ کے پاس تشریف فرما تھے۔ میں اپنی جگہ سے اٹھ کر سرکار دو عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ اجازت اور حکم ارشاد فرمائیں تو میں ان کو ان کے گھر چھوڑ کر آؤں؟ میں یہ اجازت طلب کر کے آپ ﷺ کے حکم مبارک کا منتظر ہی تھا کہ آسمان پر ایک بجلی چمکی اور آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ جاؤ بیٹا اندھیرا ختم اور روشنی ہو گئی ہے۔ جاؤ گھر چلے جاؤ، آپ کی والدہ آپ کا انتظار کر رہی ہوں گی۔ حضرت ابوھریرہؓ کہتے ہیں میں بہت حیران ہوا کہ جب تک وہ اپنے گھر پہنچ نہیں گئے آسمان روشن رہا اور جب وہ گھر پہنچ گئے، روشنی ختم ہو گئی۔ اللہ اکبر کبیراً۔

Whatsapp +92-322-4 darulfaiz.org/magazine/khazina

جادو کا توڑ

جادو، آسیب، سایہ وضاحت اور علاج

حکیم محمد نعیم الحسن (مانگا منڈی)

عنوان: جادو یا سحر کیا ہے؟

کائنات میں خیر و شر، نیکی اور بدی، ایمان اور شیطان کا ایک دوسرے سے وہی تعلق ہے۔ جو دن کا رات ہے۔ شام کا صبح سے اور روشنی کا اندھیر سے، ایک کے بغیر دوسرا نامکمل بلکہ بے وجود اور فضول ہے۔ کسی ایک کے وجود سے بھی انکار ممکن نہیں۔ اس حوالہ سے سوچا جائے، سمجھا جائے، غور کیا جائے تو عقل و گمان کے تحت ہم مخلوقات کو تین اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

1 ایسی مخلوق جس میں خیر ہی خیر اور نیکی ہی نیکی فطرت کے طور پر جاگزین ہو، شر کا اس میں ذرہ بھی موجود نہ ہو، یہ فرشتے ہیں۔

2 وہ مخلوق جس میں شر ہی شر کا دور دورہ ہو۔ نیکی اور خیر سے اسے کوئی واسطہ نہ ہو، یہ جنات، شیاطین اور خبیث ارواح ہیں۔

3 وہ مخلوق جس میں فطری حوالے سے خیر و شر، نیکی و بدی، اچھائی اور برائی دونوں کو جمع کر دیا گیا ہو۔ یہ انسان ہے؟

ان تینوں مخلوقات میں سے انسان کو اشرف کہا گیا اور اسے باقی دونوں پر فضیلت دی گئی۔ تاہم یہ اصل قانون ہے کہ انسان توفیق خدائے رحیم کے بغیر باقی دو مخلوقات کو نہ دیکھ سکتا ہے، نہ ان کے ساتھ کوئی واسطہ رکھ سکتا ہے۔ ہاں دوسری قسم کی مخلوق یعنی اجنہ و شیاطین و ارواح خبیثہ اس کے ساتھ اپنی مرضی سے یا اس کے عملیات کے نتیجے میں کوئی تعلق قائم کرنا چاہیں تو یہ عین ممکن ہے۔

عمل منزل ..... اس کے مجرب وظیفے

ہر طرح کے جادو اور جنات کا خاتمہ۔ صبح و شام ایک بار، تین بار یا سات بار (حسب ضرورت) منزل پڑھنے سے ہر طرح کے جادو کا اثر بھی مکمل طور پر ختم ہو جاتا ہے اور اگر جنات ستاتے ہوں تو یا تو وہ ستانا چھوڑ کر بھاگ جائیں گے یا پھر ان کا خاتمہ ہو جائے۔ اگر علاج میں بہتری ہو یا مسئلہ زیادہ خراب ہو گیا ہو تو اس کے حل کے لیے آپ دارالعمل چشتیہ جناب ڈاکٹر خالد مقبول ماہر علوم مخفی سے رابطہ کریں نیز رات بعد نماز عشاء یَا قَهَّارُ کی تسبیح اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ۹۰ دن تک روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ۔ باقی سارہ دن چلتے پھرتے یَا قَهَّارُ کا کھلا ورد کرے۔ اگر جادو جنات کا مسئلہ ہے تو پہلے روحانی عامل سے تشخیص کروائیں، اس سے معلوم ہو جائے گا کہ امراض روحانی ہے یا جسمانی؟ دوسرا جنات کے معاملہ میں بھی کسی اچھے عامل سے علاج کروائیں۔ بہتر یہ ہے کہ اس حوالے سے ادارہ دارالعمل چشتیہ رجوع کریں، یہی علاج و مسائل کا حل ہے۔ کیونکہ جنات میں بھی عامل ہیں۔

واپسی جادو ٹونہ

اگر کسی شخص کے اوپر کسی نے جادو کا عمل کیا ہے اور بار بار کر رہا ہو تو تھوڑی سی رائی سرسوں اور نمک ملا کر رکھ لیں اور اس کے بعد اس منتر کو پڑھتے ہوئے اس سامان کو مریض کے اوپر سے سات مرتبہ اتار دیں اور پھر چلتی ہوئی آگ میں یہ سامان جھٹکے سے پھینک دیں تو اس عمل کے اثر سے کیا ہوا جادو واپس لوٹ کر کرنے والے شخص پر اثر انداز ہو جائے گا۔

منتر عمل یہ ہے: ایک ٹھوں سرسوں سولہ رائی، مورو پٹول کو روجائی، کھائے کھائے پڑے بھار، جے کرے تے مرے، الٹ ودیا تاہی پر پڑے، شبد سنچا پنڈ کانچا، ہنومان کا منتر سانچا، پھر و منترا یشور واچاہ

(بیاض غوثیہ سے دے رہا ہوں آزما کر دیکھ لیں)

عمل مندرہ: از حضرت شاہ علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد کہو خدا کو درود مصطفٰے کو۔ میدان شاہ علی کا ضرب زور سے لگا۔ غیبات پر سوار ہیں وہ آپ شہنشاہ۔ لا الہ الا اللہ پڑھے پیر مرتضٰی۔ محمد و رسول اللہ میرے پیر مصطفٰی۔ غیبات کی ڈھال ہوئی عطا۔ الم تر کیف فعل ربك شمشیر لی اٹھا۔ لایلف قریش کی کٹار سان لا۔ قل ھو اللہ احد نیزہ دست میں

Darul Ilm Chishtia, Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
darulilm.org/magazine/urdu

پھڑا۔ قل اعوذ برب الناس کی کمان ہے صفا۔ یا مزمل یاقھار ترکش میں تیر پاء۔ والتین والزیتون وطور سینین کی گزر آپ کی عطا۔ حضرت امیر المومنین کمر باندھ کر تیار کھڑا۔ لا الہ پڑھ کر جبرائیل کو بلا۔ الا انت میکائیل بھی آ۔ سبحانك اسرافیل جلدی تو پھیرا پا۔ انی کنت من الظالمین عزرائیل بھی چڑھے تھا۔ اسمائے پاک محمد پڑھے وقت ہوا تھا۔ آئے خواجہ خضر آئے سارے بحروں کے ملاح۔ محی الدین چڑھے پیر غوثوں کے بادشاہ اور بابا فرید گنج شکر زبدالانبیاء۔ آدم توں بنی نوح سی ذکر شیث کا بھی پاء۔ یعقوب، ادریس اور یونس بھی ساتھ۔ موسیٰ آیا شتر پہ عصا بھی پکڑا۔ عیسیٰ انجیل بغل میں، ایوب بھی ساتھ تھا۔ یوسف بیٹھے تخت پہ، شعیب بھی ساتھ تھا۔ سلیمان، داؤد زبور لے آئے۔ ابراہیم چڑھے ترت، اسماعیل بھی ساتھ تھا۔ آئے بارہ امام، حضرت الیاس بھی چڑھے تھا۔ چڑھے موکل سارے محمد کا حکم تھا۔ دلدل پہ سوار ہوئے شاہ لافتاح۔ کفروں کے بل سست ہوئے، رستم بھی کانپا تھا۔ محمود دیو کو قید کیا جو تھا جنوں کا بادشاہ۔ چہل کاف پڑھے تاں دور ہوئی بلا۔ کالا علم پکڑ باندھ، چلی مٹھ کو پکڑ لا۔ یا سید احمد کبیر، کھیل سبے باندھ کر لیا۔ یا شاہ مراد زندہ پیر تاپ سب قید کر لیا۔ یا بدوح باشک کی زیر پکڑ باندھ، سَپ سب باندھ لا۔ سپاں کی زہر قبض کر، بچھوں کی طرف جا۔ سب پری، جن، بھوت، چڑیلاں کو باندھ لا۔ جوغیبوں میں ہزار جڑیاں، ایک پل میں ہٹا۔ سیس چندرا فریادی پھوک سے ہٹا۔ بیماری سب کوڑ کر چوداں بار پڑھ بسم اللہ۔ جو شاہ علی کا مندرا جنگلاں میں پڑھیں، تجھے زخم نہ زرہ۔ مدد تیری کرن گے وہ آزندہ پیر دستگیر بادشاہ (اجازت لے کر کریں)۔

ترکیب عمل مندرہ: جن، بھوت، چڑیل، پری، جادو، مسان، دفع بخار، سانپ، بچھو وغیرہ کا لاجواب عمل ہے۔ اس مندرے کو عمل میں لانے کے لیے ہر روز اس کو اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔ عمل جیٹھی جمعرات سے شروع کریں۔ دوران عمل عربی کرتہ استعمال کریں۔ عمل پڑھنے کے بعد اس کرتا کو اسی کمرہ میں رکھ دیں۔ اکتالیس (۴۱) دن میں چلہ پورا ہو جائے گا۔ دوران عمل کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں۔ خوشبو جلائیں۔ عمل ایک کمرہ میں پورا کریں۔ اسی مندرے کو تین بار پڑھ کر اپنے گرد چھری سے گول دائرہ حصار قائم کریں۔ عمل پورا ہونے کے بعد ہمیشہ سات بار ورد میں رکھیں۔ عمل جاری رہے گا۔

اگر کسی پر آسیب وغیرہ آتا ہوں تو اس کو سامنے بٹھا کر اس مندرہ کو پڑھیں۔ آسیب حاضر ہوگا۔ قسم دے کر دفع کر دیں۔ حاضر کرنے سے پہلے تین بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیں۔ جادو، مسان، بخار کے لیے کالے دھاگے پر سات گرہ دیں، ہر گرہ پر ایک بار پڑھ کر دم کریں، اسی گنڈے کو گلے میں ڈال دیں۔ سانپ بچھو کے لیے چھری سے سات بار پڑھ کر جھاڑ دیں۔ بفضل خدا شفاء ہوگی۔

اس مندرے کو کسی عامل استاد یا پیر و مرشد سے اجازت لے کر کریں۔ بغیر اجازت و رہنمائی کے نہ پڑھیں یا خزینۂ روحانیات سے رجوع کریں۔

خوشخبری عاملین کیلئے حزب البحر کی نایاب کتب کا سیٹ

1. اعمال حزب البحر — مصنف: مولانا حسن الہاشمی — قیمت: 230 روپے
2. تسخیر مہر و قہر (فوٹو کاپی) — مصنف: خواجہ حسن نظامی — قیمت: 575 روپے
3. اعمال حزب البحر (مجموعہ) (فوٹو کاپی) — مصنف: مجیب علی شاہ، مفتی سید حسن بخاری — قیمت: 380 روپے
4. شرح حزب البحر با موکل — مصنف: شیخ ابوالحسن شاذلی — عام قیمت: 500 روپے
5. قلائد النحر فی حزب البحر (فوٹو کاپی) — مصنف: محمد مقصود احمد خان — قیمت: 380 روپے
6. رموز النصر فی شرح حزب البحر — مولف: صوفی محمد یعقوب الہاشمی — قیمت: 650 روپے

مکمل سیٹ کی قیمت: 2715 روپے۔ عوام کیلئے رعائتی قیمت: 2525 روپے

ممبران و شاگردوں کیلئے رعائتی قیمت: 2375 روپے

0323-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ +maktabatulaarif

ماہِ ربیع الاول کے عملیات

مرتب: اراکین روحانی درس گاہ

اگلا شمارہ چونکہ خاص نمبر ہوگا، اس لیے ماہِ ربیع الاول کے اعمال اسی شمارے میں دیے جارہے ہیں۔ (ادارہ)

درود تاج کا عامل بننا

عامل عبدالرحمٰن صاحب (کبیر والہ) فرماتے ہیں کہ جب ربیع الاول شروع ہوتو پہلی شب کو دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کا ثواب حضرت محمد ﷺ کو ہدیہ کردے۔ اور پھر گیارہ (۱۱) بار درود تاج، گیارہ (۱۱) راتوں تک روزانہ پڑھے اور بارہویں شب کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے۔

یہ عمل کرنے سے بندہ درود تاج کا عامل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد روزانہ تین مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ اس عمل کی برکت سے اسے بکثرت آپ ﷺ کی زیارت ہوا کرے گی اور اس کے علاوہ بھی بہت سے کمالات اس شخص کو ملتے ہیں جو عمل کرنے کے بعد ہی معلوم ہو سکتے ہیں۔

پورا سال اللہ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں

ابونعمان رضوی سیفی تحریر فرماتے ہیں کہ شیخ المشائخ حضرت محمد غوث گوالیاریؒ سے منقول ہے کہ جو مسلمان بارہ ربیع الاول کے روز کسی بھی وقت، گیارہ (۱۱) مرتبہ اللہ سبحان تعالیٰ کے ان اسمائے گرامی کا ذکر کرتا ہے تو ذاکر کو محبوب خدا ﷺ کے ولادت مبارک کے دن کی نسبت سے بے حد روحانی درجہ ملتا ہے۔ یہ وظیفہ کچھ یوں پڑھنا ہے۔ اوّل آخر درود پاک کے ساتھ گیارہ مرتبہ "یا اللہ یا رحمن یا غفور یا رحیم یا حنان یا منان یا دیان یا سبحان" پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ ہر دکھی کے دل کو سکون ملے گا، رزق سے پریشان کی پریشانی دور ہوگی، مقدمہ میں الجھے کو نجات ملے گی اور بیماروں کو شفاء نصیب ہوگی، اپنوں کی کدورتوں کا خاتمہ ہوگا۔

روحانی شہد (برائے شوگر)

پیکنگ: 250 گرام

قیمت: 800 روپے

شہد کے ویسے تو بے شمار فوائد ہیں۔ اگر دم کیا ہوا شہد شوگر جیسے موذی مرض کیلئے استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

شوگر ایک بہت ہی خطرناک مرض ہے جس کے لئے دارالعمل چشتیہ کے معالجین کی روحانی ٹیم کا خاص کلاموں کے دم سے تیار کردہ روحانی شہد (برائے شوگر) جو کہ طاقت کا خزانہ بھی ہے، غذا بھی، دوا بھی اور یقینی شفاء بھی۔

روحانی شہد خاص کر شوگر کے مرض کے لئے تیار کیا گیا ہے جو کہ باقی معاملات میں مثلاً جادو، جن، آسیب وغیرہ کیلئے بھی مفید ہے۔

0346-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

اسراری عملیات

تصنیف: محمد رفیق حجازی

مفت کتاب

عام قیمت: 500 روپے

تعداد صفحات: 71 | فوٹوسٹیٹ

- ساعات اور سیارگان کے اچھے اور بُرے وقتوں کی پہچان
- ظاہر و باطن کی صفائی
- عاشقان الٰہی کی خدا ترسی
- رسول حق ﷺ کی محبت باطنی
- کام ہونے یا نہ ہونے کی پیشن گوئی
- دلی ارادوں کی انکشافی
- اول پیشن گوئی جو نہایت مجرب ہے
- عشق و حسن کی خوبی
- معشوق کی فریفتگی
- محبوب کی تابعداری
- مطلوب کی مسخری و وفاداری
- میاں بیوی کی نااتفاقی
- شوہروں کی اپنی عورتوں کی محبت قلبی
- سوکنوں کی خوشنودی
- عورت کو زنا سے باز رکھنے کا مجرب عمل
- مردوں کی غیر عورتوں سے جدائی اور عاشقان شہوانی کی ترک عاشقی
- شہوت کی زیادتی میں کمی کرنے کیلئے
- خواہش بستہ کی گرہ کشائی
- عورت مرد کی اس کرتوت سے دہائی
- نافرمانوں کی طلبی
- معشوقوں کی حاضری
- مشکلات کی مشکل کشائی
- ضرورتمندوں کی حاجت روائی
- مدعائے دل کی برآری
- حل مشکل
- حکمرانوں کی رضامندی
- بد مزاجوں کی مہربانی
- حکام سے مدعائے دل کی برآری
- حصول عزت و بزرگی کی زیادتی
- ملازمت کی انجام دہی و ترقی
- جاہ و حشمت
- جاہ و منصب سے معزولی
- ملازمت سے برطرفی کی بحالی
- مقدمات کی فتحیابی
- ایک سال کے اندر امیری
- غلہ کے مٹکوں اور کوٹھیوں میں کمی نہیں ہوتی
- برائے فتوح و دفع فقر و فاقہ اور حاصل ہونے روپیہ اشرفی
- دست غیب کی حصولی
- روپیہ اور اشرفی ملنی
- موکلات کی حاضری
- ہمزاد کی اطاعت گذاری
- دنیوی کاموں کی انجام دہی وغیرہ

0332-4487877, 042-35410586

مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ

+maktabatulaarfi

خوشگوار زندگی کے بارہ اصول

پچھلے شمارے میں تیسرے اور چوتھے اصول بیان کیے گئے تھے۔

مزید ملاحظہ فرمائیں:

پانچواں اُصول: دعا

کامیاب اور خوشحال زندگی کے حصول کا پانچواں اصول 'دعا' ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ سے خوشحالی کا اور مشکلات، غموں اور صدموں سے نجات پانے کا سوال کرنا۔ کیونکہ خوشحالی کے تمام خزانوں کی چابیاں اللہ رب العزت ہی کے پاس ہیں اور مصائب و آلام سے نجات دینے والا اس کے سوا اور کوئی نہیں۔ اور بندۂ مومن جب اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو شرم آتی ہے کہ وہ انہیں خالی لٹا دے۔ جیسا کہ صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ اللهَ حَيِيٌّ كَرِيمٌ، يَسْتَحْيِي إِذَا رَفَعَ الرَّجُلُ إِلَيْهِ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا خَائِبَتَيْنِ

''بے شک اللہ تعالیٰ حیا کرنے والا اور نہایت مہربان ہے اور کوئی آدمی جب اس کی طرف ہاتھ بلند کرتا ہے تو اسے حیا آتی ہے کہ وہ انہیں خالی واپس لوٹا دے۔''

(ترمذی: ۳۵۵۶، ابوداؤد: ۱۴۸۸، ابن ماجہ: ۳۸۶۵، وصححہ الالبانی)

